ستارہ اس کا زہرہ یعنی شکر۔ اس طالع کی عورت خوش خلق، نیک سیرت، عقلمند، خوش سخن، دستگار ہوگی۔ چاہئے کسی سے کتنا سلوک کیوں نہ کرے بدلہ برائی پائے گی۔ اس کے حق میں یہ بات اچھی نہیں کہ جو کچھ دل میں آتا ہے، بے سوچے سمجھے زبان پر لے آتی ہے۔ چاہئے کہ اپنا بھید کسی سے نہ کہے۔ ایک شخص نیلی آنکھوں والا، کوتاہ قد اس سے دشمنی رکھتا ہے لیکن غالب نہ ہوگا۔ کسی کو قرض دینا پسند کرے گی۔ مگر قرض لینا پسند نہ کرے گی۔ کبھی کبھی مثل آتش کے گرم اور غصے سے اپنے آپ سے باہر ہو جانا۔ لیکن جلد ہی ٹھنڈا پڑ جانا عادت میں داخل ہوگا۔ ماں باپ سے اتنی راحت پائے گی کہ دیگر بہن بھائی اسے دیکھ کر خار کھائیں گے۔ شوہر مہربان ہوگا، کبھی آزردہ خاطر بھی ہوگا۔ تھوڑی دیر کیلئے درمیانی عمر میں نیستی چند روز کیلئے آئے گی۔ عمر کا آخری حصہ

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/ Sadsagar @

Scanned by CamScanner

بہتر گزرے گا کبھی کبھی کمر میں شدت کا درد اور شانہ کا کانپنا اور یہ شکایت رحمی خرابی کے سبب ہوگی۔ اولاد بہت ہوگی مگر بچے کی کم۔ اس کو چاہئے کہ اپنے سر کی کنگھی کسی کو نہ دے۔ اپنے خاص بدن کا کپڑا کسی کو نہ دے اور تہوار کے دن سر نہ دھوئے۔ دو اور چھ برس کی عمر خیر سے گزر جائے گی تو عمر ساٹھ برس تصور کرنا چاہئے۔ شعبان کا مہینہ، جمعرات کا دن ہر کام کیلئے مبارک ہے۔ ایک طرف نقش سورہ اخلاص اور دوسری طرف اکسیر اعظم اس کیلئے انشاء اللہ بہت مفید ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ اثنوثا يابسقيا حياقويا يَا اللّٰهُ اللّٰهُ حَسْبِيَ اللّٰهُ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

3۔ برجِ جوزا (متھن)



ستارہ اس کا عطارد یعنی بدھ ہے۔ اس طالع کی عورت گندم گوں، بلند قامت، نیک زبان، رحمدل، خوش گفتار اور ہر دل عزیز ہوگی۔ کسی عضو میں ایک تل یا نشان رکھتی ہے وہ نیک بختی کی نشانی ہے۔ اپنوں اور پڑوسیوں سے نیکی کرے گی۔ عوض میں بدی پائے گی۔ اسے چاہے کہ اپنے دل کا بھید کسی سے نہ کہے۔ دشمن بکثرت ہیں خاص کر جس نے دو شوہر کئے ہیں کوتاہ قدم سیاہ چشم اس سے بہت بغض رکھتی ہے مگر یہ دوست دشمن کو نہیں پہچانتی جو کچھ دل میں آتا ہے کہہ ڈالتی ہے۔ ہمیشہ اس کے کام ابتر رہیں گے۔ چاہئے کہ خدا تعالیٰ سے دُعا مانگتی رہے اور نماز میں کاہلی نہ کرے تاکہ ستارے کی نحوست دفع ہو اور اپنی مراد کو پہنچے۔ اکثر سردی اور خشکی کے سبب زانوؤں اور پیڑو میں درد ہونے کا امکان ہے۔ ہڑ کا مربہ یا گلقند دو تولہ سوتے وقت گرم پانی سے کھانا مفید ہوگا۔ کسی سے عداوت پیدا ہو جائے گی۔ بارہ اولادیں قسمت میں ہیں مگر جئیں گی کم، اور آسیب سے مضرت پہنچے گی۔ بدھ کے دن سر نہ دھویا کرے۔ نیا چاند دیکھ کر پانی کو دیکھے۔ اگر دو برس یا سولہ برس کی عمر میں بیماری سے محفوظ رہی تو عمر اسی برس تصور کی جائے گی۔ تکسیر جنہ مع سیفی انشاء اللہ نہایت مفید ہوگا۔ واللہ اعلم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَاحَافِظُ يَانَافِعُ يَامُعِيْنُ يَامَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وَحَفِيْظُ صَاحِبِ هٰذَا الْكِتَابِ بِحَقِّ هٰذَا تَقْدِيْرًا اهيا شراهيا اصولى صادت صادث

محح ۳۳ ۵۵ ۱۱ ۱۱ ۳۴ ۲۲ ۲۱ ۱۱

www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
Scanned by CamScanner

4۔ برج سرطان (کرک)



ستارہ اس کا قمر یعنی چندرما ہے۔ اس طالع کی عورت میانہ قد، ابرو کشیدہ چالاک ہوگی۔ سینہ پر یا اور اعضاء پر نیک بختی کا نشان ہے جس قدر بزرگ ہوگی کام بھی بزرگ ہوگا۔ عمر بھر میں دو مرتبہ نحس ستارے کے سبب پریشانی میں مبتلا ہو جائے گی۔ دشمن اور بدگو بہت ہوں گے۔ ظاہر میں لوگ دوستی کریں گے، باطن میں دشمنی، بدنظر سے مال اولاد کا نقصان اٹھائے گی۔ اپنی بات میں سچی ہوگی۔ جھوٹ کو دشمن سمجھے گی۔ کسی قسم کا حرام مال اس کو سزاوار نہیں۔ ایک بڑی بھاری مصیبت قسمت میں ہے۔ دشمنی اور بدگوئی اس کے حق میں پہلے اس کے اپنوں ہی سے نکلے گی۔ والدین سے نفع کم پائے گی۔ اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے۔ اس پر تہمت اور افتراء بہت ہوگا۔ رنج بہت اٹھائے گی اولاد ہوگی مگر جیے گی کم۔ بیماری اکثر سردی خشکی اور درد کمر سے ہوگی۔ چھاچھ اور کھٹائی سے پرہیز کرے۔ گل سرخ شہد سے معجون کر کے کھائے۔ ایک شخص نیلی آنکھ والا اس کے شوہر کے درمیان دشمنی کرادے گا۔ کبھی کبھی شوہر کے ساتھ زبان درازی بھی کرے گی۔ چاہئے کہ اس کو ترک کرے۔ نماز میں کاہلی نہ کرے۔ عمر تیس برس یا اسی برس تک۔ اس کیلئے شوال کا مہینہ منگل کا دن ہر کام کیلئے مبارک ہوگا۔ گائے بھینس کا ہونا اور سبز رنگ کا لباس اس کیلئے مبارک ہوگا۔ نقش جامع المطلوب انشاء اللہ اس کیلئے بہت مفید ہوگا۔ واللہ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ مِنْ زَوَالِ الْاَهْمَانِ وَشَرِّ الشَّيْطٰنِ اَللّٰهُمَّ يَاقَدِيْمَ الْاِحْسَانِ يَاغَفُوْرُ يَارَحِيْمُ يَارَحْمٰنُ حمعسق اهيا اشراهيا ازوفى اصاوت الوفى يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

محح ٦٦ ٦ ٥٥٤ ٤٤ ٥٥ ٢٢ ١١١

5۔ برج اسد (سنگھ)



ستارہ اس کا شمس یعنی سورج ہے۔ اس طالع کی عورت، بلند قامت، نیک خو، خوبصورت، خوش خلق، روزی فراخ ہوگی۔ زندگی ہنسی خوشی سے گزارے گی۔ مگر اول میں رنج و مصیبت بہت اٹھائے گی۔ اس کے ہاتھ میں گن نہیں ہوگا۔ بدلہ نیکی کا بدی سے پائے گی۔ پہلے کچھ تکلیف اٹھائے گی۔ بعد میں سب بگڑے کام بن جائیں گے۔ آتش مزاج ہوگی، کبھی کبھی شوہر سے زبان درازی بھی کرے گی۔ نماز میں کاہلی ہرگز نہ کرے گی۔ ایک شخص اس کے مال میں خیانت کرے گا ہوشیار رہے۔ والدین سے اوسط نفع رہے گا۔ اولاد ہوگی مگر شاید کم جیے گی۔ درد کمر، خشکی، درد زانو وغیرہ سے رہے گی۔ قند کھایا کرے سم چرے ہوئے

www.facebook.com/groups/readingbooks/ Saadia Qureshi

Scanned by CamScanner

جانور مبارک ہیں۔ نیا چاند دیکھ کر سنہری رو پہلی چیز دیکھے عمر طبعی ہوگی۔ نقش جامع المطلوب اپنے پاس رکھے ان شاء اللہ کارآمد ہوگا۔ واللہ اعلم۔

۲۲ ۸۱ ۱۱ ۲۹ ۲۲۸ ۸۲ ۱۱ ۲۳ ۱۱ ۶


6۔ برج سنبلہ (کنیا)



ستارہ اس کا عطارد یعنی بدھ ہے۔ اس طالع کی عورت خوش شکل، ابرو کشیدہ، رنگ سرخ یا سفید، اعضاء پر ایک تل عزت و اقبال کی نشانی ہے۔ اپنے بعض عزیزوں سے جدا ہو جائے گی۔ دوست بہت ہوں گے۔ ایک شخص بلند قد، سانولا رنگ، سبزی مائل اس کا دشمن ہے اس سے ہوشیار رہے، جھوٹ بولنا اس کو سزاوار نہیں ہوگا۔ لیکن کوئی کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔ جاہل آدمیوں کے پاس نہ بیٹھے۔ کچھ دنوں کسی ایسی چیز کی تمنا میں دل بستگی رہے جس کا ترک وحصول دونوں ناممکن ہوں گے۔ بھید اپنا کسی سے نہ کہے تو مرادیں حاصل ہوں گی۔ والدین نہایت محبت کریں گے۔ بہن بھائی اذیت و تکلیف پہنچائیں گے۔ اس کا قدم شوہر کیلئے مبارک ہے۔ طاق اولاد قسمت میں ہے۔ عمر طبعی ہے نقش جامع المطلوب انشاء اللہ اس کو بہت موثر ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَمِیْدُ یَا دَآئِمُ یَا قَائِمُ یَا عَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ یَا شَکُوْرُ یَا دَانَا یَا بِیْنَا وَھُوَ الْحَقُّ

7۔ برج میزان (تلا)



ستارہ اس کا زہرہ یعنی شکر ہے۔ اس طالع کی عورت کے اعضاء پر ایک تل یا کوئی نشان ہوگا وہ اقبال کی نشانی ہے۔ روزی فراخ ہوگی۔ زندگی عیش و شادمانی سے گزارے گی۔ ایک زمانہ سختی کا اس کے سر پر گزرنے والا ہے۔ دشمن اور بدگو بہت ہیں لیکن کوئی غالب نہ ہوگا۔ ایک مدت تک کسی ایسی چیز کی تمنا میں دل بستگی رہے گی جس کا چھوڑنا اور ملنا ممکن نہ ہوگا۔ چاہئے کہ عفت اور پاکدامنی اختیار کرے تو بگڑے کام سنور جائیں گے۔ اول مصیبت آخر کو عیش ہے۔ آتش مزاجی کی وجہ سے کفر کے کلمات کہہ بیٹھتی ہے ترک کرنا چاہئے۔ حرام چیز سے بالکل پرہیز کرے شوہر مہربان رہے گا۔ بیماری اکثر بلغم صفرا سے ہوگی۔ آنکھوں کے نیچے اندھیرا سا معلوم ہونے لگے گا۔ اکثر کچھ ایسی حالت رہے گی کہ نہ تو بیمار نہ تندرست، دعا مانگنے سے سب مرادیں حاصل ہوں گی۔ عمر تین برس یا نو برس یا طبعی ہوگی۔ رنگین کپڑے مبارک ہوں گے۔ سورہ اخلاص معہ سفی انشاء اللہ اس کیلئے بہت موثر ہے۔ واللہ اعلم۔

Scanned by CamScanner

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاھَادِیُ یَامَھْدِیُ یَاحَمِیْدُ یَااَحْمَدُ یَامُحَمَّدُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَادَاءِمُ یَااللّٰہُ یَااَللّٰہُ
مخ ۱۳ ۳ ۱۱ ۳ ۴۴ ۲۲ ۱۷ ط ط ۹ ۱۱


8۔ برجِ عقرب (برچھک)



ستارہ اس کا مریخ یعنی منگل ہے۔ اس طالع کی عورت خوش مزاج، خوش رفتار، سینے پر ایک تل اور کوئی نشان رکھتی ہوگی وہ نیک بختی کی علامت ہے روز بروز اس کا ستارہ ترقی پر ہے۔ رنج و مصیبت بہت اٹھائے گی۔ چاہئے کہ بڑوں کی نصیحت قبول کرلیا کرے۔ دل کا بھید کسی سے نہ کہے ایک مرتبہ کچھ دھوکہ سے کھائے گی۔ صبر کرے اور غصہ کو ترک کرے۔ زندگی ہنسی خوشی گزار دے گی۔ بادی اور سردی معدہ وغیرہ کے سبب اکثر بیماری ہوگی۔ دردسر و درد کمر و دل کا کانپنا بھی اس کے ساتھ ہے۔ جسم میں سنسنی اور بوجھ سا معلوم ہونے کی شکایت کثرت سے رہے گی۔ والدین سے فیض پائے گی بہن بھائی سے وفا کم۔ اولادیں کئی ہیں لیکن ایک سے آرام پائے گی۔ عمر تیس سال یا طبعی ہوگی۔ ذیل کا نقش انشاء اللہ اس کو موثر ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم نقش سورہ نصر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاغَفُوْرُ یَاوَدُوْدُ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یَانُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَامُغِیْثُ یَالَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ
ہ ف ۱۱۹ ۱۱۲۰ ۱۱۱

9۔ برج قوس (دھن)



ستارہ اس کا مشتری یعنی برہسپت ہے۔ اس طالع کی عورت کی تین صورتیں ہیں۔ اول سفید رنگ، فراخ روزی، دوسرے خوش خلق، تیسرے غریب دوست اور مہربان پہلو میں کوئی تل یا نشان ہے وہ دولت کی نشانی ہے وسیع القلب اور خدا کی طرف دل کو رجوع کرنے والی، بات کی سچی، جھوٹوں کی دشمن، اس کو ایک نقصان پہنچے گا۔ مگر اللہ تعالیٰ عوض فرمائے گا کسی ایسی جگہ سے فائدہ پہنچے گا۔ جہاں سے گمان بھی نہ ہوگا۔ خیانت نہ کرے عبادت خدا میں غفلت نہ برتے۔ ہر مراد آسانی سے حاصل ہوجایا کرتی ہے اور اپنی موجودہ زندگی سے گھبرا کر موت کو ترجیح دینے لگتی ہے۔ صبر کرنا چاہئے سارا کام بن جائے گا۔ والدین سے معمولی فائدہ پہنچے گا۔ بہن بھائیوں سے راحت و خوشی حاصل ہوگی۔ بیماری اکثر رطوبت صفرا معدہ اور اندرونی بخار سے ہوگی۔ سونٹھ شہد ملا کر کھایا کرے۔ عمر چار برس، سات برس یا اسی برس ہے۔ نقش مخمس اس کیلئے انشاء اللہ مفید ہوگا۔ واللہ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَانُوْرُ یَاعَلِیُّ یَانُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاطٰوسُ یَاطٰوطِیَا مفصد
مخ لہ طالع ط ۱۱۸ ۳ ۸۲ ۱۱۱

Scanned by CamScanner

10۔ برج جدی (مکر)



ستارہ اس کا زحل یعنی سنیچر ہے۔ اس طالع کی عورت بامروت، ہوشیار، فراخ روزی ہوگی۔ ایک آزار سخت اس کی قسمت میں ہے۔ دلی بھید کسی کو نہ بتائے کسی کیلئے کتنی ہی مصیبت جھیلے مگر اس کی قدر و منزلت کوئی نہ ہو۔ سچائی پسند ہے۔ کچھ دنوں کسی ایسی شے کی محبت میں مبتلا رہے گی کہ نہ تو وہ شے مل سکتی نہ اسے یہ چھوڑ سکتی ہے۔ ہمیشہ فکر و اندیشہ میں رہتی ہے۔ اکثر مایوس ہو جایا کرتی ہے۔ تھوڑے دنوں بعد مراد دلی حاصل ہو جائے گی۔ پڑوسیوں سے محبت کر کے بدی پائے گی۔ کبھی کبھی شوہر سے رنجش ہو جایا کرے گی۔ اولاد زیادہ ہے لیکن جیے گی کم۔ اولاد کے نہ جینے کی وجہ یہ ہے کہ شوہر اس کا قبرستان گیا تھا۔ وہاں کسی کو اس سے نقصان پہنچا تھا۔ رحم کے اندر ہوا کا خلل ہے۔ آنکھوں کے تلے اندھیرا سا چھانے لگتا ہے اور چھانے لگتا ہے اور دل میں رعشہ سا پھیل جاتا ہے۔ بدن میں سستی اور کاہلی رہتی ہے۔ کھٹائی وغیرہ سے پرہیز کرے۔ سونٹھ 'جوز' گل کاسنی شہد میں ملا کر کھایا کرے۔ عمر طبعی ہے۔ ذیل کا نقش انشاء اللہ اس کو بہت موثر ہوگا۔ واللہ اعلم۔ یعنی سورہ نصر معہ سورہ اخلاص دو طرفہ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بحق اھیا شراھیا اُدُوْنِی بے اَصْبَائوتَ اَصْمَاوُنَ الْعَجَلْ

۶۲ ۶۱ ۱۹ ۱۳ ۲ ح ح ح ح ح ح

11۔ برج دلو (کنبھ)



ستارہ اسکا زحل یعنی سنیچر ہے۔ اس طالع کی عورت جاذب نظر بامروت و کامران ہوگی۔ اس پر تہمت و بہتان بہت ہوگا لیکن عزت میں فرق نہ آئے گا۔ عمر اچھی کٹے گی۔ البتہ درمیان میں کچھ دن پریشانی میں گزریں گے۔ والدین سے نفع اوسط، بھائی بہن سے بھی وفا کم۔ شوہر مہربانی کرے گا۔ بارہ لڑکے لڑکی قسمت میں ہیں۔ عمر طبعی ہوگی۔ نقش سورہ فاتحہ ایک طرف اور دوسری طرف اکسیر اعظم گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ پناہ میں رہے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَقَدْ جَاءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَئُوْفٌ رَّحِیْمٌ۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/ sadaqat

Scanned by CamScanner

12۔ برج حوت (مین)



ستارہ اس کا مشتری یعنی برہسپت ہے۔ اس طالع کی عورت ابرو کشیدہ، ہر دل عزیز ہوگی۔ رنج و غم بہت سہے گی۔ آتش مزاج، ہاتھ میں کوئی گن خاص نہیں جس سے نیکی کرتی ہے وہی غیبت کرتا ہے۔ دشمن بہت ہیں۔ شوہر سے کبھی خلاف نہ ہو۔ نماز میں کبھی غفلت نہ برتے۔ شوہر کی فرمانبرداری کرے۔ سب بلائیں رد ہوں اور مراد دلی حاصل ہو۔ دشمن پامال ہوں۔ اس کی زندگی اوسط ہے۔ بیماری اکثر سر درد اور درد گردن سے رہے گی۔ عمر دو برس یا نوے برس یا طبعی۔ رمضان کا مہینہ جمعہ کا دن ہر کام کیلئے مبارک ہے۔ انشاء اللہ ذیل کا نقش اس کیلئے نہایت کارآمد ہوگا۔ واللہ اعلم۔ اکسیر اعظم مع سیفی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَاقَائِمُ يَاحَنَّانُ يَامَنَّانُ يَادَيَّانُ يَابُرْهَانُ يَاسُبْحَانُ يَاسُلْطَانُ فَعَالٌ لِّمَا يُرِيْدُ يَاوَاحِدُ يَااَحَدُ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

ا و ۴۴ ۴۴ ۱۱۱۱ ۱۱ ح

قید سے رہائی کا مجرب عمل

اس فتیلہ کو روغن تل میں تین یا سات یا اکیس راتیں اور آخر کار چالیس راتیں روشن کرے اور چراغ کا رخ قید خانہ کی جانب رکھے۔ انشاء اللہ قید سے جلد از جلد رہائی ہوگی اور یہ نقش مجبوس کے بازو پر باندھے اور یہ ممکن نہ ہو تو درخت پر فتیلہ یہ ہے

۲۹ ۵۵ ۵۵ ع ۱۹۹ ۵۰ ۵ ۵۷ ۱۲

نقش یہ ہے۔

۱۰۷	۱۰۱	۱۰۹
۱۰۸	۱۰۶	۱۰۳
۱۰۲	۱۱۰	۱۰۵

تحریر: محمد رفیق
0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/ SaadSaid@

Scanned by CamScanner

رنج وغم دور ہونے اور خیر وبرکت وادائیگی قرض

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَائُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اِسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ لَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ اَوْ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ وَجَلَاءَ حُزْنِیْ وَذَهَابَ هَمِّیْ

کشائش خیر وبرکت

اذاجاء	نصراللّٰہ	والفتح	واریت	الناس	یدخلون	فی دین	اللّٰہ
نصراللّٰہ	والفتح	واریت	الناس	یدخلون	فی دین	اللّٰہ	افواجا
والفتح	واریت	الناس	یدخلون	فی دین	اللّٰہ	افواجا	فسبح
واریت	الناس	یدخلون	فی دین	اللّٰہ	افواجا	فسبح	بحمدربك
الناس	یدخلون	فی دین	اللّٰہ	افواجا	فسبح	بحمدربك	واستغفرہ
یدخلون	فی دین	اللّٰہ	افواجا	فسبح	بحمدربك	واستغفرہ	انہ
فی دین	اللّٰہ	افواجا	فسبح	بحمدربك	واستغفرہ	انہ	کان
اللّٰہ	افواجا	فسبح	بحمدربك	واستغفرہ	انہ	کان	توابا

برائے قوت حافظہ

اول وآخر دس دس بار درود شریف بعد کو یہ دعا پڑھے۔ اس کے بعد کتاب پڑھے چند روز برابر یہ عمل کے بعد کرے انشاء اللہ بے حد فائدہ ہوگا۔ اَللّٰھُمَّ اَکْرِمْنِیْ بِنُوْرِ الْفَھْمِ واخرجنی مِنْ ظُلُمٰتِ الْوَاھِمِ

برائے فراخی وکشائش وہر مقصد

بہ نیت زکات ایک لاکھ مرتبہ اس کے بعد ایک ہزار بار روزانہ پڑھے۔

تحریر: محمد رفیق

0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/ SadSadaqat@yahoo.com

Scanned by CamScanner

خواص القرآن

تحریر: اجمل چشتی فیصل آباد

حدیث میں کل امر ذی بال لا یبدفیہ بسم اللہ فھوا قطع یعنی جو کام بسم اللہ الرحمن الرحیم سے شروع نہ کیا جائے وہ ابتر ہے۔ دوسری روایت میں ہے۔ مَنْ اَرَادَانْ یُنْجِیَہِ اللہ من الزبانیۃ تسعتہ عشر قلیقراء بسم اللہ الرحمن الرحیم جو شخص چاہے کہ زبانیہ (19 فرشتے جہنم کے عذاب دینے والے) سے نجات پائے وہ بسم اللہ شریف پڑھے۔



0300-6623828

بسم اللہ کی خاصیت بہت زیادہ ہے جس طرح بھی پڑھے خواہ ورد کرے تنہا یا بضم بعض عزائم۔

استخارہ مجرب

متبرک راتوں میں کہ بدھ، جمعرات، جمعہ، پیر کی راتیں ہیں سونے کے وقت وضو کر کے کسی سے کلام نہ کرے اور دو رکعت تحیہ الوضو پڑھ کر بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھے اور دعائے مطلب کرے۔ قبلہ رو سر شمال کی جانب کر کے سو جائے اگر ایک رات میں معلوم ہو بہتر ہے ورنہ تین راتیں مسلسل کرے۔

دیگر

برائے حصول فتوح چھ ہزار بار ایک چلہ اکیس روز میں یا تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ چالیس دن میں پڑھے کامیاب ہوگا

دیگر

قضائے حاجات کیلئے عروج ماہ قمری میں نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے اور افطار انگور یا کشمش یا خرما سے کرے اور اگر یہ چیزیں نہ مل سکیں تو شیرینی سے پھر بعد مغرب ایک سو بیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے پھر عشا کی نماز کے بعد بستر پر بسم اللہ شریف اس قدر پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے سو جائے اور صبح کی نماز کو بسم اللہ شریف کی عدد کے برابر پڑھے اور نقش مظہر و مضمر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

دیگر

برائے قضائے حاجت یہ دعا کاغذ پر لکھ کر دریا میں ڈالے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم لاحول ولا قوۃ الا

تحریر: محمد رفیق
0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

SaadSiad @ www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

Scanned by CamScanner

باللہ العلی العظیم بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الملک الحق المبین من العبد الذلیل الی المولی الجلیل مسنی اضر وانت ارحم الراحمین اس کے بعد ستر بار یہ دعا پڑھنی ہے۔ الٰھی بحرمۃ کن فیکون فتبارک اللہ احسن الخالقین اور گھر لوٹ آئے اور سو مرتبہ پہلی دعا پڑھے اکیس دن تک یہی عمل کرے۔

دیگر

سرکش مفسدین کے دفع کیلئے نزول ماہ میں نحس دن مثل شنبہ یا سہ شنبہ ارزیز کے ٹکڑے پر نقش مظہر بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھے اور اس شخص کا نام اس نقش میں داخل کرے۔ اس کے بعد یہ دُعا سات بار پڑھ کر نقش پر دم کرے۔ بعد ازاں انگوزہ ولہسن خام کی دھونیں دے کر چولہے کے قریب میں دفن کرے کہ گرمی نقش کو نہ پہنچے ورنہ طالب کو ضرور ہوگا۔ نقش یہ ہے

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم	فلاں
اللہ	الرحمن	الرحیم	فلاں	بسم
الرحمن	الرحیم	فلاں	بسم	اللہ
الرحیم	فلاں	بسم	اللہ	الرحمن
فلاں	بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی اسئلك باسمك العظیم الاعظم وھو بسم اللہ الرحمن الرحیم الذی عنت له الوجوہ وخشعت له الاصوات ووجلت من خشیته القلوب ان تصلی وتسلیم علی سیدنا محمد وعلی اله صحبه وان تقضی حاجتی فی فلان (یہاں اس کا نام لے) اللھم ان کنت تعلم انه یرجع عما ھو فیه قاھرہ وفقه وان کنت تعلم انه لایرجع فانزل علیه بلائك وسخطك وغضبك واھلکه یاقاھر یاقھار یاقادر یامقتدر یا اللہ یہ عمل مارہرہ مطہرہ کی کتاب میں بھی مذکور ہے۔

دیگر:۔ بخار کیلئے یہ دونوں نقش مفید ومجرب ہیں۔ مریض کے سرہانے رکھے۔ (اجازت لازمی ہے)

اور بسم اللہ شریف کے نقوش مظہر ومضمر ودو پایہ مثلث جلد اول میں گزر چکے ہیں۔


تحریر: محمد رفیق
0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

SaadSadaf@www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

خواص سورہ فاتحہ

کہ در کتاب مارہرہ مذکور راست ترکیب عمل سورہ فاتحہ مطابق اختیار حضرت شیخ ابن عربی وامام محمد غزالی علیہما الرحمہ یہ ہے اس سورۃ کو سبع مثانی کہتے ہیں۔ یعنی سات آیات ہر آیت کے لئے دو اسم ہیں۔ اس طرح الحمدللہ رب العالمین یاحی یا قیوم الرحمن الرحیم یا رؤف یا عطوف مالك یوم الدین یا عالم السرائر یا مقلب القلوب والابصار۔ ایاك نعبدو ایاك نستعین یاسریع یا قریب اھدنا الصراط المستقیم یا قادر یا مقتدر صراط الذین انعمت غلیھم یاحکیم یا قدیر غیر المغضوب علیھم والضآلین یا قاھر یاعزیز چاہئے کہ بعد ہر نماز دس سے اکتالیس مرتبہ پڑھے اسی ترتیب سے کہ ہر آیت اور ہر نام کو دس دس بار پھر اس قسم کو دس بار بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی اسئلك بحق سبع المثانی وبحق قرآن العظیم بسم اللہ الرحمن الرحیم وبحق کھیعص وبحق حمعسق وبحق دعاء نبیك وحبیبك سیدنا محمد والجاء فی کھفك واستوطن فی حرزك ولم یثق الابك اقسمت علیکم یار وقائیل وجمیع المئکة بعزیز اللہ وبنور جلال وجمال وجہ اللہ الفاتحة کتاب اللہ اقسمت علیکم یامعشر الروحانین من العلویة والسفلیة من خدام ھذہ السبع المثانی والقرآن العظیم ان تقضی حاجتی باسرع من لمع الطرف فانه علی کل شی قدیر وبالاجابة جدید وصلی اللہ علی خیر خلقه سیدنا محمد وآله اجمعین ہر حاجت ومشکل کے آسان کرنے کیلئے مجرب ہے۔



قدرت کا کرشمہ

فی سبیل اللہ دوائی حاصل کریں۔
ہمہ قسم دردوں اور جسمانی
طاقت کیلئے حاصل کریں
0321-6418843

تحریر: محمد رفیق
0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

SiddSaad @ www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

Scanned by CamScanner

درد شقیقہ کیلئے

مروی ہے کہ ایک مرتبہ جناب عمار حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور درد شقیقہ کی شکایت کی آپ نے فرمایا کہ تم جب فرض نماز پڑھ لو تو اپنے دائیں ہاتھ کی انگشت سبابہ کو دونوں بھنوؤں کے درمیان رکھ اور سات مرتبہ یَاحَنَّانُ اشْفِنِیْ کہتے ہوئے انگلی کو دائیں ابرو پر مل۔ پھر اس انگلی کو وہاں پر رہنے دے اور دوبارہ سات مرتبہ یا منان اشفنی کہتے ہوئے انگلی کو بائیں ابرو پر پھیر اور سر کے درمیان اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو رکھ کر یہ پڑھ۔

یَامَنْ سَکَنَ لَہٗ مَافِی الَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَمَافِی السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاسْکُنْ مَالِیْ

کند ذہنی کا علاج

اگر کوئی بہت زیادہ کند ذہن ہو حافظہ بہت زیادہ کمزور کوئی بھی بات یاد نہ رہتی تو چاہئے کہ یہ نقش عرق گلاب وزعفران سے دو عدد لکھے ایک تعویذ بازو پر باندھے جبکہ دوسرا پانی میں گھول کر سات یوم تک بلا ناغہ پی لے۔ انشاء اللہ کند ذہن ٹھیک ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔ (اجازت لازمی ہے)

۷۸۶

۱۳	۱۲	۱۱	۸
۶	۷	۲	۴
۱۴	۹	۱۶	۶۱
۴	۳	۵	۱۰

تحریر: محمد رفیق
0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks SaadSaad@

Scanned by CamScanner

حمل قائم کرے

''طلسمات عجائب'' میں تحریر ہے کہ اگر کسی عورت کو حمل قرار نہ پاتا ہو تو ذیل میں دیا ہو تعویذ باوضو حالت میں دو عدد لکھ کر ایک پانی میں دھو کر عورت کو پلائے جبکہ دوسرا موم جامہ کر کے عورت اپنی کمر میں باندھے۔ پاکی پلیدی کا خاص طور پر خیال رکھے تعویذ کی بے ادبی نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ اس مقصد کیلئے نہایت مجرب و آزمودہ تعویذ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا علی یا علی یا علی یا علی یا علی یا علی

یا علی یا علی یا علی یا علی یا علی یا علی

یا علی یا علی ۲۲۲۲ ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع

ع ع ۵۵۵۵۵۵ ھو ھو ھو ھو ھو ھو و و

و و و و د د د د د د ص ص ص ص ص ص

ص ص ص ص یا محمد ﷺ یا علی رضی اللہ عنہ

حمل سلامت رہے

حمل کی حفاظت کیلئے یہ نقش پاک لکھ کر دے کہ حاملہ اسے دوسرے ماہ کے آغاز میں اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ حمل قائم رہے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔ (استعمال کیلئے رابطہ کریں)

طلبوس	مرسوس	سلموس	النساء
مشوس	فروس	مطبوس	فرمایا درما
قل ھو اللہ	احد	اللہ الصمد	لم یلد ولم یلد
ولم یکن	لہ کفوا	احد	احد اللہ

تحریر: محمد رفیق

0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks SadSaad @

Scanned by CamScanner

برج کے مطابق وظائف اور موافق نگینے

اپنے برج کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے بعد اپنی مشکلات کے جلد حل کیلئے بیماریوں میں شفا اور بہت سے امراض سے محفوظ رہنے کیلئے اگلے صفحات میں ہر برج سے تعلق رکھنے والے افراد کیلئے وظائف کا بیان کیا گیا ہے۔ نہایت توجہ، یکسوئی اور یقین کامل کے ساتھ ان وظائف کا ورد کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر جائز مقصد میں کامیابی ہوتی ہے۔ اللہ رب العزت اپنے پاک و بابرکت اسم مبارک کی بدولت ہر پریشانی اور مشکل کو دور فرماتا ہے۔

وظائف کے علاوہ ہر برج سے تعلق رکھنے والے افراد پر جو امراض حملہ آور ہو سکتے ہیں ان سے بچاؤ کیلئے ان نگینوں کا بیان بھی کیا گیا ہے کہ جن کو پہن کر نگینے کے سحری خواص کی بدولت اللہ تعالیٰ بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے اگر کوئی کسی مرض میں مبتلا ہے تو وہ اپنے برج کے موافق متعلقہ نگینے کا استعمال کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اسے جلد شفا ہوگی۔ بلاشبہ اللہ رب العزت ہی مسبب الاسباب ہے اور اپنے بندوں کی مشکلات اور پریشانیوں کو دور فرماتا ہے۔

برج ثور سے تعلق رکھنے والے

برج ثور سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین اپنی مشکلات و پریشانیوں کے حل کیلئے ذیل میں دیئے ہوئے اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ کا بکثرت ورد کریں تو بفضل باری تعالیٰ ان کو مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی ہوگی۔

جلد شادی کیلئے

اگر شادی میں کوئی رکاوٹ ہو تو ہر نماز کے بعد بکثرت یہ ورد کرے یَالَطِیْفُ یَااللّٰہُ بہت جلد رکاوٹ دور ہو جائے گی اور جلد ہی شادی بھی ہو جائے گی۔

غربت کا خاتمہ

غربت و افلاس کے خاتمے کیلئے پہلے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاغَنِیُّ یَا اَللّٰہُ کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ رزق حلال میں خوب اضافہ ہوگا۔

میاں بیوی میں محبت کیلئے

اگر میاں بیوی میں ناچاقی ہو تو دونوں میں سے کوئی ایک ہر نماز کے بعد بکثرت یَاعَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ کا ورد کر کے بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ میاں بیوی کی ناچاقی دور ہو جائے گی اور دونوں کے مابین خوب محبت پیدا ہوگی۔

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/ @SaadSaadi
Scanned by CamScanner

حسب منشا ملازمت کا حصول

اگر کوئی بے روزگار ہے تو وہ ملازمت کے حصول کی غرض سے ہر نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ یا مُعْطِیُ یا اللہ کا ورد کر کے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کو روزگار حاصل ہوگا۔

ظاہری و باطنی علوم کا حصول

جو اس بات کا خواہاں ہو کہ اللہ رب العزت اسے ظاہری و باطنی علوم سے نواز دے تو وہ ہر نماز کے بعد بکثرت یَا عَظِیْمُ یَا اَللّٰہُ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

برج ثور کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج ثور سے تعلق رکھنے والے افراد امراض چشم، خرابی جگر، گردے اور مثالے کی درد، دل کی بیماریوں، اعصابی کمزوری، پتھری اور معدے کی خرابیوں سے شفایاب ہونے اور ان امراض سے محفوظ رہنے کیلئے ذیل میں دیئے ہوئے نگینوں میں سے کوئی ایک اپنی حسب پسند نگینہ پہنیں۔ انشاء اللہ جلد مفید اثرات مرتب ہوں گے۔

الماس۔ زبرجد، گارنیٹ، لہسنیا، کنزائٹ

برج میزان سے تعلق رکھنے والے

برج میزان سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے جائز مقصد کے حصول کیلئے ہر نماز بعد اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کا ورد کریں تو ان شاء اللہ ان کی ہر مراد جلد پوری ہوگی۔

دولت کا حصول

جائز طریقے سے دولت کے حصول کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا غَنِیُّ یَا اَللّٰہُ پڑھنے پر مداومت رکھے انشاء اللہ بہت جلد روزی میں خوب اضافہ ہوگا اور دن بدن خوشحالی آئے گی۔

امتحان میں کامیابی

امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے ہر نماز کے بعد بکثرت یَا مُعْطِیُ یَا اَللّٰہُ پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ کیسا ہی مشکل امتحان ہو اس میں کامیابی حاصل ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اپنے اسم پاک کی برکت سے ناکام نہیں کرے گا اور کامیابی عطا فرمائے گا۔

خاوند تنگ نہ کرے

اگر خداوند اپنی بیوی کو بلاوجہ تنگ کرتا ہو اپنی اس حرکت سے کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو تو بیوی ہر نماز کے بعد کثرت سے

Sadi Saad @www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
Scanned by CamScanner

یَاعَزِیْزُ یَااَللّٰہُ پڑھنے کے بعد دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ خاوند کے دل میں اس کی محبت شدیدہ پیدا ہو جائے گی اور وہ تنگ نہیں کیا کرے گا۔

علم وفہم میں اضافہ

علم وفہم میں اضافے کیلئے برج میزان سے تعلق رکھنے والے افراد ہر نماز کے بعد کثرت یَاعَلِیْمُ یَااَللّٰہُ پڑھا کریں انشاء اللہ تعالیٰ ان پر علم کے دروازے کھل جائیں گے۔

رشتہ کیلئے

اگر شادی نہ ہوتی ہر نماز کے بعد کثرت سے یَالَطِیْفُ یَااَللّٰہُ پڑھے پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد رشتہ طے ہو جائے گا اور شادی ہو جائے گی۔

برج میزان کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج میزان سے تعلق رکھنے والے افراد گھٹنے کے درد۔ جوڑوں کے درد، گردے اور مثانے کی پتھری۔ امراض قلب، پیچش، پٹھوں کی کمزوری آنکھوں کی بیماریاں، معدے اور جگر کی بیماریوں سے شفایاب ہونے اور ان امراض سے محفوظ رہنے کیلئے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

ہیرا۔ زبرجد۔ کنزائٹ۔ گارنیٹ۔ لہسنیا۔

برج دلو سے تعلق رکھنے والے

برج دلو سے تعلق رکھنے والے افراد اپنی حاجت روائی کیلئے ہر نماز کے بعد جو وظائف کرنا چاہیں ان کا ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔

اولاد نرینہ کیلئے

اولاد نرینہ کی نعمت کے حصول کی غرض سے ہر نماز کے بعد بکثرت یَاوَارِثُ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ نیک اور صالح فرزند کی ولادت ہوگی۔

دشمن کی زبان بندی

ظالم دشمن کی زبان بندی کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاقَابِضُ پڑھا کرے تو انشاء اللہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔ دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/ @SaadSaad
Scanned by CamScanner

توبہ کی قبولیت کیلئے

توبہ کی قبولیت اور اس پر ثابت قدمی کی توفیق کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاغَفَّارُ پڑھنے کا معمول بنالے۔ بفضل باری تعالیٰ اس کو توبہ پر استقامت حاصل ہوگی۔

فراخی رزق کیلئے

رزق حلال میں اضافے اور وسعت کی غرض سے ہر نماز کے بعد ایک تسبیح یَارَزَّاقُ پڑھنے پر مداومت تو انشاء اللہ کبھی رزق کی تنگی نہ ہوگی اور اللہ رب العزت دنیا میں کسی کا محتاج نہ کرے گا۔

خواب میں معلوم کرنا

اگر کسی کام کے کرنے سے قبل یہ معلوم کرنے کا خواہاں ہو کہ اس کا نتیجہ اس کے حق میں اچھا ہے یا نہیں تو رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں پانچ سو مرتبہ یَاخَبِیْرُ پڑھے اول و آخر درود پاک پڑھے اور قبلہ رخ ہو کر سو جائے۔ ان شاء اللہ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

برج دلو کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج دلو سے تعلق رکھنے والے افراد دل کی گھبراہٹ، نظام ہضم کی خرابی گردے اور مثانے کی بیماریوں، آنتوں کے عارضے، دمہ، اپینڈکس اور سانس کی بیماریوں میں شفا حاصل کرنے اور ان امراض سے محفوظ رہنے کیلئے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔ نیلم، عقیق، سنگ ترمری، سنگ ستارہ، سنگ حدید۔

برج جدی سے تعلق رکھنے والے

برج جدی سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین اپنی جلد حاجت روائی کیلئے ہر نماز کے بعد بکثرت ذکر الٰہی کریں۔ انشاء اللہ ان کی جائز حاجت پوری ہوگی۔

دشمن کے شر سے بچاؤ

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاقَابِضُ کا ورد کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہوگی اور وہ کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

اولاد نرینہ حاصل ہو

جس کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اولاد نرینہ کی شدید خواہش ہو تو ہر نماز کے بعد بکثرت یَاوَارِثُ پڑھ کر دعا

Saad Saad @ www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
Scanned by CamScanner

مانگے انشاءاللہ نیک اور صالح اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔ اللہ تعالیٰ بیٹے کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا۔ وظیفہ نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

کاروبار میں اضافہ

کاروبار میں اضافے اور برکت کیلئے ہر نماز کے بعد بکثرت یَارَزَّاقُ پڑھنے کا معمول بنالے۔ ان شاءاللہ رزق حلال میں خوب وسعت ہوگی اور کاروبار چمک اٹھے گا۔

توبہ پر استقامت

برے کاموں سے توبہ کرنے کے بعد اگر یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو استقامت عطا فرمائے تو ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاغَفَّارُ پڑھ لیا کرے۔ بفضل باری تعالیٰ توبہ پر استقامت کی توفیق مرحمت ہوگی۔

ہر حاجت پوری

ہر طرح کی جائز حاجت روائی کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاوَهَّابُ پڑھے۔ ان شاءاللہ جو بھی حاجت ہوگی جلد پوری ہوگی

استخارہ کیلئے

استخارہ کرنے کی غرض سے عشاء کی نماز کے بعد باوضو حالت میں پاک صاف بستر پر بیٹھ کر پانچ سو مرتبہ یَاخَبِیْرُ پڑھے اول و آخر درود پاک پڑھے اور قبلہ رخ ہو کر سو جائے۔ انشاءاللہ خواب میں اشارہ مل جائے گا۔

برج جدی کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج جدی کے تحت پیدا ہونے والے افراد گردے کے درد، خون کی خرابی، مثانے کے امراض، بے خوابی، ریح کے درد، معدہ اور ہاضمے کی خرابیوں سے محفوظ رہنے کیلئے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔ نیلم، سنگ سلیمان، سنگ ترمری، سنگ حدید، سنگ ستارہ۔

برج سرطان سے تعلق رکھنے والے

سرطان کے تحت پیدا ہونے والے افراد مشکلات کے حل کیلئے اللہ رب العزت کے بابرکت اسمائے حسنیٰ کا بکثرت ورد کریں۔

بلند مرتبہ کا حصول

دین و دنیا میں کامیابی اور بلند مرتبہ کے حصول کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَارَافِعُ پڑھ کر لیا کرے۔ انشاء اللہ مطلوبہ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/ SaadSaad @

Scanned by CamScanner

اللہ تعالیٰ کی قربت

اللہ رب العزت کی قربت کیلئے ہر نماز کے بعد بکثرت یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پڑھنے کا معمول بنالے۔ بفضل باری تعالیٰ اس کی منشا پوری ہوجائے گی۔

قوت وطاقت کیلئے

قوت وطاقت کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاقَوِیُّ پڑھنے پر مداومت رکھے ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

مراد پوری ہوجائے

جائز دلی مراد کے حصول کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاصَمَدُ پڑھے۔ انشاء اللہ بہت جلد مراد پوری ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

تنگدستی کا خاتمہ

غربت وتنگدستی کے خاتمے کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَامُغْنِیُ پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ دنیا میں کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ رزق کی تنگی دور ہوجائے گی اور رزق حلال میں خوب اضافہ ہوگا۔

برج سرطان کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج سرطان کے تحت پیدا ہونے والے مرد وخواتین جلد کی بیماریوں ' پیٹ کی خرابی' نظام ہضم کی خرابی' جوڑوں کے درد' گیس' گردوں کی بیماریوں' سانس کی بیماریوں اور شوگر کے مرض سے محفوظ رہنے کیلئے درج ذیل موافق نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔ موتی' لعل زمانی' درنجف' اوپل' مون سٹون' کارنڈم

برج حمل سے تعلق رکھنے والے

برج حمل کے تحت پیدا ہونے والے افراد اپنی پریشانیوں کے خاتمے دعاؤں کے جلد قبول ہونے کی غرض سے اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کا کثرت سے ورد کریں۔ ان شاء اللہ کوئی پریشانی نہیں رہے گی۔

قبولیت دُعا کیلئے

ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاسَمِیْعُ پڑھ کر نہایت عاجزی اور انکساری سے بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ ان شاء اللہ جو بھی جائز دعا ہوگی۔ ضرور اور جلد قبول ہوگی۔

Saadsaab @ www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

Scanned by CamScanner

غائب کی واپسی

اگر کوئی غائب ہو گیا ہر یا ناراضگی کے باعث نہ آتا ہو تو ہر نماز کے بعد بکثرت یَامُعِیْدُ پڑھ کر دُعا مانگے۔ بفضل باری تعالیٰ غائب اور ناراض اس کے پاس چلا آئے گا۔ نہایت ہی آزمودہ وظیفہ ہے۔

جسمانی نقصان سے بچاؤ

اگر کسی دشمن کی طرف سے جانی نقصان پہنچائے جانے کا خوف وخطرہ ہو تو اپنی سلامتی کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاسَلَامُ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ ان شاء اللہ اسے کوئی نقصان نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

چشم خلائق میں معزز ہونا

چشم خلائق میں معزز ومقبول ہونے کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَامُعِزُّ پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ جہاں بھی جائے گا لوگوں کے دلوں میں عزت واحترام پائے گا۔

روحانی ترقی کیلئے

روحانی وباطن ترقی کے حصول کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَامُهَيْمِنُ پڑھنے کا معمول بنالے۔ بفضل باری تعالیٰ روحانی مدارج میں خوب ترقی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

برج حمل کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج حمل کے تحت پیدا ہونے والے خواتین وحضرات اعصابی بیماریوں نظام ہضم کی خرابیوں، حادثاتی چوٹوں، بخار، دانت کے امراض اور مختلف زخموں سے محفوظ رہنے اور ان سے شفا کی غرض سے درج ذیل موافق نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

عقیق۔ یاقوت۔ مرجان

برج قوس سے تعلق رکھنے والے

برج قوس کے تحت پیدا ہونے والے افراد کیلئے درج ذیل وظائف کا ورد کرنا بہت ہی فائدہ مند ہے۔

برائیوں سے نفرت

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے دل میں برائیوں کیلئے شدید نفرت پیدا ہو جائے اللہ تعالیٰ اسے صراط مستقیم پر ثابت قدم رکھے اور نیکی کے کاموں کے کرنے کی توفیق عطا فرمائے تو وہ ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاهَادِیُ یَااَللّٰہُ پڑھے۔ ان شاء اللہ اسے ہدایت حق نصیب ہوگی۔

SaadSaab @ www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

قربت الٰہی کا حصول

بارگاہ الٰہی کا مقبول بندہ بننے اور قربت الٰہی کے حصول کی غرض ہر نماز کے بعد یقین کامل کے ساتھ بکثرت یَارَحِیْمُ یَا اَللّٰہُ پڑھ لیا کرے۔ بفضل باری تعالیٰ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

کاروبار کیلئے

اگر چلتا ہوا کاروبار بند ہوگیا ہو مالی حالات بہت خراب ہوگئے ہوں تو ہر نماز کے بعد کثرت سے یَافَتَّاحُ یَا اللّٰہُ پر مداومت کرے۔ ان شاء اللہ کاروبار میں بندش کھل جائے گی۔ اللہ رب العزت رزق حلال میں خوب اضافہ فرمائے گا اور معاشی پریشانی ختم ہوجائے گی۔

غیبی مدد کیلئے

پردیس میں جہاں پر کوئی جاننے والا نہ ہو اور مدد کی ضرورت ہو تو ہر ناز کے بعد کثرت سے یَابَاعِثُ یَا اَللّٰہُ پڑھ کر دعا مانگے ان شاء اللہ تعالیٰ غیب سے کوئی نہ کوئی اسباب پیدا ہوں گے اور مشکل حل ہوجائے گی۔

برائے حب

اپنے مقصد میں کامیابی کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یقین کامل کے ساتھ یَاوَدُوْدُ یَا اَللّٰہُ پڑھ کر دعا مانگے ان شاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہوگا۔

برج قوس کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج قوس سے تعلق رکھنے والے افراد نزلہ، کھانسی، زکام، جوڑوں کے درد عرق النساء، نظام ہضم کی خرابی، گنٹھیا، لنگڑاپن، کولہوں کے زخم حلق کی بیماریوں اور گردن توڑ بخار سے محفوظ رہنے کیلئے ذیل میں دیئے ہوئے نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنچیں۔

فیروزہ، زمرد، لاجورد، لعل زمانی، سنگ یشب، سنگ سیم، ایمے تھسٹ، اپی ڈوٹ، حجر الیہود

برج حوت سے تعلق رکھنے والے

برج حوت کے تحت پیدا ہونے والے خواتین و حضرات اپنی مشکلات کے حل کیلئے درج ذیل وظائف کا ورد کریں تو ان شاء اللہ تعالیٰ ان کو اپنے مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی ہوگی۔

ہدایت حق کیلئے

ہدایت حق کے حصول کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاھَادِیْ یَا اَللّٰہُ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ بفضل باری

Saadi Saad @ www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
Scanned by CamScanner

تعالیٰ ہدایت حاصل ہوگی اور اللہ تعالیٰ نیکی کے کاموں کے کرنے کی توفیق عطا فرمائے گا۔

کاروبار کی بندش کھل جائے

کاروبار کی بندش کھولنے اور فراخی رزق کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَافَتَّاحُ یَا اَللّٰہُ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ کاروبار خوب چلے گا اور رزق میں خوب اضافہ ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کی قربت کیلئے

اللہ رب العزت کی قربت کے حصول کی غرض سے ہر نماز کے بعد نہایت توجہ یکسوئی کے ساتھ کثرت سے یَارَحِیْمُ یَا اَللّٰہُ پڑھنے کا معمول بنالے۔ان شاء اللہ عبادت میں راحت محسوس ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

میاں بیوی میں نفرت کا خاتمہ

میاں بیوی کے مابین محبت پیدا کرنے کیلئے دونوں میں سے کوئی ایک ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاوَدُوْدُ یَا اَللّٰہُ پڑھے۔ بفضل باری تعالیٰ دونوں کے دلوں میں ایک دوسرے کیلئے خوب محبت پیدا ہوگی اور نفرت کا خاتمہ ہوگا۔

مشکل کا حل

ہر طرح کی مشکل و پریشانی کے خاتمے کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَابَاعِثُ یَا اَللّٰہُ پڑھے بفضل باری تعالیٰ مشکل کا کوئی نہ کوئی حل جلد نکل آئے گا۔اللہ تعالیٰ ایسا سبب پیدا فرمادے گا کہ پریشانی ختم ہوجائے گی۔

برج حوت کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج حوت سے تعلق رکھنے والے افراد پھیپھڑوں کے مرض' جوڑوں کے درد' نمونیہ' پاؤں کی خرابی' کولہوں کے جوڑوں کے درد' امراض چشم اور ہاضمے کی خرابی سے محفوظ رہنے کیلئے ذیل میں دیئے گئے نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہن سکتے ہیں۔

فیروزہ۔زمرد۔حجرالیہود۔لعل زمانی۔لاجورد۔ایمے تھسٹ' سنگ یشب' سنگ سیم' اپی ڈوٹ۔

برج سنبلہ سے تعلق رکھنے والے

برج سنبلہ کے تحت پیدا ہونے والے افراد کیلئے درج ذیل وظائف بہت مفید اور سریع الاثر ثابت ہوتے ہیں۔

فراخی رزق کیلئے

رزق حلال میں اضافے کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَابَاسِطُ یَا اَللّٰہُ پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ کبھی رزق کی کمی نہ ہوگی اور دن بدن معاشی ومالی حالات خوب بہتر ہوں گے۔

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/ @SaadSaad

Scanned by CamScanner

حاجت روائی کیلئے

ہر طرح کی جائز حاجت کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَامَالِكَ الْمُلْكِ پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر دعا مانگیں ان شاء اللہ تعالیٰ جو بھی حاجت ہوگی وہ جلد پوری ہوگی۔

آفات و بلیات سے حفاظت کیلئے

آفات و بلیات سے محفوظ رہنے کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاحَفِیْظُ یَا اَللّٰہُ پڑھیے بفضل باری تعالیٰ کسی بھی آفت اور آفت میں مبتلا نہ ہوگا۔ اللہ رب العزت اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اور اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

روحانی ترقی کیلئے

روحانی ترقی کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاقَیُّوْمُ یَا اَللّٰہُ پڑھ لیا کرے۔ بفضل باری تعالیٰ روحانی مدارج جلد طے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ خصوصی مہربانی فرمائے گا۔

بلند مرتبہ کا حصول

بلند مرتبہ کے حصول کی غرض سے ہر نماز کے بعد یقین کامل اور یکسوئی کے ساتھ یَامُقَدِّمُ یَا اَللّٰہُ بکثرت پڑھنے کا معمول بنالے۔ ان شاء اللہ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

برج سنبلہ کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج سنبلہ سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین پھیپھڑوں کی بیماریوں، ہاضمے کی خرابی، جوڑوں کے درد، شوگر، ہیضہ، درد شقیقہ، کمر درد، عصابی بیماریوں، بازوؤں اور شانوں کے درد سے محفوظ رہنے کیلئے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

پکھراج، زرقون، روڈوراکھ، گارنیٹ، پریذٹ، کالسی ڈانی

برج جوزا سے تعلق رکھنے والے

برج جوزا کے تحت پیدا ہونے والے افراد اپنی جائز حاجت روائی اور مشکلات کے جلد حل کیلئے ذیل میں دیئے ہوئے وظائف کریں تو ان کو فوری فائدہ ہو سکتا ہے۔

عہدہ میں ترقی

عہدہ میں ترقی کی غرض سے ہر نماز کے بعد یَامُقَدِّمُ یَا اَللّٰہُ کا ورد کثرت سے کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد عہدہ و مرتبہ میں اضافہ ہوگا اور دلی مراد پوری ہوگی۔

SaadSaad @ www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

Scanned by CamScanner

فراخی رزق کیلئے

رزق حلال میں وسعت کی غرض سے ہر نماز کے بعد خلوص دل سے بکثرت یَابَاسِطُ اَللّٰہُ پڑھے۔ بفضل باری تعالیٰ رزق کی کمی دور ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ رزق میں خوب برکت پیدا فرمائے گا اور مالی پریشانی ختم ہو جائے گی۔

پریشانی کا حل

پریشانی و مصیبت کے خاتمے کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَامَالِكَ الْمُلْكِ پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جو بھی پریشانی ہوگی وہ دور ہو جائے گی۔ اللہ رب العزت مدد فرمائے گا۔

استخارہ کرنا

کسی کام کے متعلق استخارہ کرنا مقصود ہو تو رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں پاک صاف لباس پہن کر صاف بستر پر لیٹ کر پانچ سو مرتبہ یَاخَبِیْرُ پڑھے۔ اول و آخر درود پاک پڑھے اور قبلہ رخ منہ کر کے سو جائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

بلا و مصیبت سے بچاؤ

زمینی و آسمانی بلا و مصیبت سے محفوظ رہنے کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاحَفِیْظُ یَا اَللّٰہُ پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر پریشانی و تکلیف سے بچا رہے گا۔ اللہ رب العزت اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

برج جوزا کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج جوزا سے تعلق رکھنے والے افراد آنتوں کی بیماریوں، پیٹ کے درد، اعصابی بیماریوں، بے خوابی، رانوں اور کولہوں کے درد، پھیپھڑوں کے امراض، ہاتھوں اور انگلیوں کی بیماریوں، بازوؤں اور شانوں کے درد اور ذہنی پریشانی سے محفوظ رہنے کیلئے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

پکھراج، پریڈٹ، زرقون، کالسی ڈائی، گارنیٹ، پریڈٹ، رواد راکھ

برج اسد سے تعلق رکھنے والے

برج اسد کے تحت پیدا ہونے والے مرد و خواتین ہر نماز کے بعد ذیل میں دیئے ہوئے وظائف پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ان کی جلد بہت روائی ہوگی۔

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/ Saad Saad @

Scanned by CamScanner

بینائی میں اضافہ

بینائی میں اضافے کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَانُوْرُ پڑھ کر اپنی انگلی پر دم کرے اور انگلیاں آنکھوں پر پھیرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی تیز ہو جائے گی۔

چشم خلائق میں معزز ہونا

چشم خلائق میں معزز ہونے اور عزت دو مرتبہ میں اضافے کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاوَاسِعُ پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی ہوگی۔

مستجاب الدعوات ہونا

بارگاہ الٰہی میں مقبول اور مستجاب الدعوات ہونے کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَارَحْمٰنُ پڑھنے کا معمول بنالے۔ بفضل باری تعالیٰ دلی مراد بہت جلد پوری ہوگی۔

قوت وطاقت کا حصول

قوت وطاقت میں اضافے کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاقَوِیُّ پڑھنے پر مداومت کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ طاقت وقوت حاصل ہوگی۔

زبان بندی کیلئے

دشمن کی زبانبندی کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاخَافِضُ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی اور وہ کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

برج اسد کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج اسد سے تعلق رکھنے والے افراد کمر کے درد، گنٹھیا، حلق کی بیماریوں دل کے امراض، ریڑھ کی ہڈی کے عارضے اور جوڑوں کی کمزوری سے محفوظ رہنے اور کسی مرض میں مبتلا ہونے کی صورت میں شفا کیلئے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔ سن سٹون، کہربا، الیگزنڈرائٹ

برج عقرب سے تعلق رکھنے والے

برج عقرب کے تحت پیدا ہونے والے افراد ہر نماز کے بعد ذیل میں دیئے ہوئے وظائف پڑھیں تو ان شاء اللہ ان کو اپنے مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی ہوگی۔

SaadSaad@www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

Scanned by CamScanner

چشم خلائق میں معزز ہونا

چشم خلائق میں معزز ہونے اور عزت و مرتبہ میں اضافے کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَامُعِزُّ پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خواہش پوری ہو جائے گی۔

روحانی ترقی کیلئے

باطنی علوم کے حصول اور روحانی مدارج میں ترقی کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَامُھَیْمِنُ پڑھنے کا معمول بنالے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ روحانی درجات بلند ہوں گے۔ اللہ رب العزت اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

گمشدہ کی واپسی

ناراض اور گمشدہ کی واپسی کیلئے روزانہ ایک وقت مقررہ پر پانچ سو مرتبہ یَامُعِیْدُ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ پانچ یوم تک بلاناغہ یہ وظیفہ کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ ناراض اور گمشدہ واپس آجائے گا۔ اس مقصد کیلئے یہ نہایت مجرب و آزمودہ وظیفہ ہے۔

آفات و بلیات سے بچاؤ

ہر طرح کی زمینی و آسمانی آفات و بلیات سے محفوظ رہنے کیلئے ہر نماز کے بعد ایک سو پانچ مرتبہ یَاسَلَامُ پڑھ لیا کرے تو بفضل تعالیٰ کوئی گزند نہ پہنچے گی اور اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

قبولیت دعا کیلئے

مستجاب الدعوات ہونے کی غرض سے ہر نماز سے بعد بارہ مرتبہ یَاسَمِیْعُ اس طرح پڑھنے کا معمول بنالے کہ اول و آخر درود پاک پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر جائز کو شرف قبولیت حاصل ہوگا۔

برج عقرب کی بیماریاں اور موافق نگینے

برج عقرب سے تعلق رکھنے والے افراد حلق کے امراض، اسہال، بخار، کھانسی، نزلہ، زکام، معدہ کا ورم، نظام ہضم کی خرابی، سر کا درد، مثانہ کے امراض اور جوڑوں کے درد سے محفوظ رہنے کیلئے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔ مرجان۔ بلڈ سٹون۔

تحریر: محمد رفیق

0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

SaadSaad@www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

لیکوریا جریان کیلئے

تحریر: محمد رفیق

سنگ جراحت 5 تولہ

دودھ آک 10 تولہ

کھرل کر کے مٹی کی ہانڈی میں گل حکمت 10 کلو کی آگ دیں۔ ٹھنڈی ہونے پر استعمال کریں۔ خوراک 3 ماشہ صبح شام۔ چائے یا دودھ کے ساتھ 10 یوم یہ دوا استعمال کریں۔

گم ہونے والے بچے ناراض بیوی واپس بلانے کیلئے رشتہ فوراً ہو جائے 11 دن کا آزمودہ بے مثال

یا اللہ یا محمد یا علی یا رحیم یا رحم یا کریم کرم مصیبت ٹال دے گردش کو دور کر فلاں بن فلاں کیلئے۔

جیسے اسلم بنت شمیم جو گم ہے واپس آئے گھیرا۔ پڑا یاسین کا اللہ کو کفیل کیا محمد کو وکیل کیا۔ صدقہ معین الدین اجمیری کا یہ عمل رات کو 1100 بار گیارہ دن تک کرنا۔

اگر میاں بیوی میں نفرت ہو

مجتبیٰ بن عطیہ کی نفرت ختم محبت میں لازوال میں تبدیل ہو واسطے کشور بنت سلطانہ کیلئے گھیرا پڑا یاسین کا اللہ کو کفیل کیا محمد کو وکیل کیا صدقہ معین الدین اجمیری کا۔ 1100 سو گیارہ دن تک کرنا ہے۔

رشتہ کیلئے

مجتبیٰ بن عطیہ کا نکاح کشور بنت سلطانہ سے ہو جائے گھیرا پڑا یاسین کا باقی عمل ویسے کرنا۔

اور بیوی ناراض کیلئے

سعیدہ بنت آئے واسطے جاوید گلزار پر گھیرا پڑا یاسین کا پڑنا ہے۔

کالا علم ختم کرنے کیلئے

اللہ لیلہ لہ بحق محمد رسول تمام دشمن ناراکر درد کرداں

ہر نماز کے بعد گیارہ بار گیارہ دن تک کرنا ہے۔ اثرات ختم ہو جائیں گے۔

عمل لاثانی ہر قسم اور زور کا نمبر معلوم کرنے کیلئے چاند کی 4 تاریخ سے 41 دن عمل نہ ہو تو روز محشر پکڑ لیں

آل ودود اللہ ہو صمد 9000 روزانہ رات 9 بجے کے بعد تنہائی دوسرا کمرے میں نہ آئے ہر قسم گوشت دودھ کھا سکتے ہیں تردد حیوانات کی ضرورت نہیں۔ عملیات کرنے سے پہلے اجازت ضرور لیں۔

Sajid Sajjad @ www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner


شرف زہرہ (سب سے چمکدار ستارہ)

(تحریر: سرور سلطان چشتی)


زہرہ نظام شمسی میں سب سے خوبصورت اور چمکدار ستارہ ہے۔ یہ چوتھا ستارہ زمین میں سے آفتاب کی طرف ہے۔ سورج کے طلوع سے صبح کاذب کے وقت مغرب میں اور سورج کے غروب کے بعد گہری شاموں میں مشرقی افق پر نظر آتا ہے۔ اسے اردو، عربی میں زہرہ فارسی میں ناہید، سنسکرت میں شکر اور انگریزی میں وینس کہتے ہیں۔ بارہ بروج میں اس کا دورہ 224 دن 16 گھنٹے 49 منٹ اور 9 سیکنڈ ہے۔ ایک برج میں 27 دن اندازاً ایک گھنٹہ میں تین دقیقہ قیام کرتا ہے۔ یہ عشق و محبت کا ستارہ کہلاتا ہے۔ یہ برج ثور اور میزان کا حاکم ستارہ ہے۔ دائرۃ الروج میں دوسرا اور ساتواں برج ہے۔ ثور اس کا شکلی پہلو اور میزان اس کا روحی پہلو ہے۔ خاک باد آب سے اس کی موافقت اور آتش سے مخالفت ہے۔ بیماریوں میں گردہ اور پیشاب کے امراض اور پیشوں میں نقاشی، جواہرات، دھاتوں میں چاندی و تانبا جواہرات کے ہیرا لسینا اس سے متعلق ہیں۔ موتی بھی اس سے منسوب کئے جاتے ہیں۔ زہرہ کو برج حوت کے 27 درجہ پر شرف ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ یہ تسخیر خلق یا خاص ایک فرد کی تسخیر کیلئے موثر ترین ہوتا ہے۔ اس وقت ان لوگوں کو فائدہ اٹھانا چاہئے جن لوگوں کا تعلق خلقت عام سے ہے۔ حکیم وکلاء دکاندار، علاوہ ازیں وہ تمام پیشہ ور لوگ جن کا ذریعہ آمدن عوام کے متعلق ہے۔ کاروبار میں اضافہ کیلئے ایک موثر سبب ہے۔ مستورات کو رجوعیت کیلئے یہ وقت بہت مناسب ہے۔ جو لوگ کسی عورت کی تسخیر کرنا چاہتے ہیں۔ وہ اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کسی مطلوبہ جگہ شادی کی خواہش پوری کرنے کیلئے یہ شرف بہت مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اگر تسخیر خلق مقصود ہو تو آیت

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (سورہ توبہ 128 عدد 6898)

اگر کسی خاص عورت کی تسخیر مطلوب ہو تو آیت یجونھم کحب اللہ والذین امنو اشد حبا اللہ (سورہ توبہ آیت 128 عدد 6898) اگر کسی خاص شخص کی تسخیر مطلوب ہو تو اول نام طالب و مطلوب مع والدہ کے عدد لیں اور آیت بجونھم کے اعداد اس میں شامل کر لیں۔ پھر مجموعہ سے 41 تفریق کر کے جو باقی بچے ان کے حروف بنا کر کلمہ ایل لگائیں۔ یہ مؤکل ہوگا۔



۸۰۴	۸۰۷	۸۱۰	۷۹۶
۸۰۹	۷۹۷	۸۰۳	۸۰۸
۷۹۸	۸۱۲	۸۰۵	۸۰۲
۸۰۶	۸۰۱	۷۹۹	۸۱۱



۴۵۰	۴۵۳	۴۵۶	۴۴۳
۴۵۵	۴۴۴	۴۴۹	۴۵۴
۴۴۵	۴۵۸	۴۵۱	۴۴۸
۴۵۲	۴۴۷	۴۴۶	۴۵۷

www.facebook.com/groups/saadiyabooks/ Sadi Saad

Scanned by CamScanner

قرآن اور ہماری زندگی

تحریر: اجمل چشتی فیصل آباد

صحت امراض اور شفاء

قرآن پاک میں شفاء:۔ لوگو تمہارے لئے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفاء اور مومنوں کیلئے ہدایت اور رحمت پہنچی ہے۔ (57:10) اور ہم نازل کرتے ہیں قرآن میں وہ چیزیں جو (باعث) شفاء ہیں اور سراپا رحمت ہیں اہل ایمان کیلئے۔ (82:17)

حفظان صحت کے اصول:۔ سیر کرو۔ اور ہم نے ان اہل (سبا) کے اور ان کے دیہات کے درمیان جن میں ہم نے برکت رکھی تھی۔ پاس پاس بستیاں بنائیں اور ان میں چلنے کی حد باندھ دی۔ راتوں اور دنوں میں ان کے درمیان سیر کرو۔ (88:5)

ستھری اور حلال چیزیں کھاؤ:۔ تم پر حرام کیا گیا مردار اور خون اور سؤر کا گوشت اور وہ ذبیحہ جس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو اور جو گلا گھٹ کر اور چوٹ سے اور گر کر اور کسی دوسرے جانوروں کے سینگوں سے مرا ہو اور جس کو درندے نے پھاڑ کھایا ہو مگر (وہ) جو تم نے جیتا ذبح کر لیا ہو (وہ حرام نہیں) (3:5) مؤمنو! شراب سے بچو (یہ گندا کام ہے) شاید تمہارا بھلا ہو۔ (90:5)

بقدر ضرورت:۔ سو جس قدر تم اس (اناج) کو کاٹو تو اس کو اس کی بالیوں میں رہنے دو دیگر تھوڑا نکال لو جو تمہارے کھانے کے کام آئے۔ (47:12) اور کھاؤ اور پیو اور بے جا اسراف نہ کرو۔ (31:7)

نفع بخش دودھ:۔ اور ان (چوپایوں) کے پیٹوں سے ہم تمہیں (دودھ) پلاتے ہیں اور ان میں تمہارے لئے بہت نفع ہیں۔ (21:23)

تازہ گوشت:۔ مچھلی کھاؤ: اور وہی ہے جس نے دریا کو قابو کیا تا کہ تم اس سے تازہ مچھلی کا گوشت کھاؤ۔ (14:16)

رات کو آرام کرو:۔ اور اس نے اپنی رحمت سے رات اور دن بنایا تا کہ رات کو آرام اور دن کو اس کا فضل تلاش کرو اور تا کہ تم شکر کرو۔ (73:28)

امراض روحانی اور جسمانی

روحانی مریضوں کی علامت: اسلام سے خوفزدہ اب تو انہیں جن کے دلوں میں مرض ہے دیکھتا ہے (کہ وہ) یہود سے کہتے

تحریر: محمد رفیق
0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
Scanned by CamScanner

پھرتے ہیں کہ ہمیں خوف ہے کہ (بوجہ اسلام) ہم پر کوئی آفت نہ آجائے۔(52:5)

وہ ظالم ہیں:۔ کیا ان کے دلوں میں روگ ہے یا وہ شک میں پڑے ہیں یا اس سے ڈرتے ہیں کہ اللہ اور اس کا رسول ان پر ستم کرے گا (ہرگز نہیں) بلکہ وہی لوگ ظالم ہیں۔(50:24)

دلوں میں بغاوتیں: جن کے دلوں میں مضر ہے کیا وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ اللہ ان کی دلی عداوتوں کو ظاہر نہیں کرے گا۔(29:47)

جسمانی امراض میں چھوٹ:۔ پس جو کوئی تم میں سے اس (رمضان کے) مہینے کو پائے چاہئے کہ اس میں روزے رکھے اور جو مریض اور مسافر ہو اسے دوسرے دنوں میں (روزوں کا) شمار کر لینا چاہئے۔(185:2)

وضو میں چھوٹ: اور جو بیمار ہو یا مسافر یا کوئی تم میں سے پاخانہ سے آئے تو پاک مٹی سے تیمم کرے۔(43:4)

جہاد سے چھوٹ: جہاد میں شریک نہ ہونے کا ضعیفوں اور بیماروں اور جن کے پاس (سفر کیلئے) خرچ نہیں کچھ گناہ نہیں (بشرطیکہ) جب وہ اللہ اور رسول کی خیر خواہی میں لگے ہوں۔(91:9) جمعہ یا جہاد میں شرکت پر اندھے لنگڑے اور بیمار کو چھوٹ ہے۔(61:24)

ہتھیار ڈالنے کی چھوٹ: اور اگر تم بارش کی تکلیف یا بیماری کے سبب مارنے کے ہتھیار رکھ دو تو تم پر کچھ گناہ نہیں ہے البتہ اپنا بچاؤ رکھو۔(102:4)

مریض کی دعا:۔ اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ مجھے دیتا ہے۔(80:26)

جسمانی صفائی

پانی کا استعمال:۔ اور اللہ تم پر آسمان سے پانی برساتا ہے کہ تمہیں اس پانی کے ذریعے پاک صاف رکھے۔(11:8)

وضو کے ذریعے صفائی:۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب کبھی بھی تم نماز کیلئے کھڑے ہو اپنے منہ دھولیا کرو اور ہاتھ بھی کہنیوں تک اور اپنے سروں کو مسح کر لیا کرو اور اپنے پاؤں ٹخنوں تک دھولیا کرو اور اگر تم اجنبی ہو تو پاک صاف ہو لیا کرو(6:5)

اللہ کے گھر کی صفائی:۔ اور ہم نے ابراہیم اور اسمٰعیل کی طرف بھیجا کہ میرے گھر کو خوب صاف رکھو۔ بیرونی اندرونی لوگوں (کی عبادت) کے واسطے اور رکوع اور سجدے کرنے والوں کے واسطے۔(125:2)

پاک جگہ پر جوتے اتار کر جاؤ:۔ اے موسیٰ میں رب ہوں تو اپنی جوتیاں اتار کہ تو مقدس وادی طوی میں ہے۔(12:20)

قرآن پاک چھونے سے پہلے پاک ہو:۔ اس قرآن پاک کو نہیں چھوتے مگر وہ لوگ جو پاک ہوں۔(79:56)

مقصد الٰہی:۔ اللہ کو یہ منظور نہیں کہ تم پر کوئی تنگی ڈالے۔ اللہ کو یہ منظور ہے کہ تمہیں پاک صاف رکھے اور یہ کہ تم پر انعام فرمائے اور شاید تم شکر ادا کرو۔(6:5)

Scanned by CamScanner

اللہ کے دوست:۔ بیشک اللہ توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور پاک صاف رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔(222:2)

لالچ بخل اور اسراف

بخل: اور بخل تو سب کی طبیعت ہی میں ہوتا ہے۔ اور اگر تم نیکوں کار اور پرہیزگاری کرو تو خدا تمہارے کاموں سے باخبر ہے۔(128:4) اور جو شخص اپنے نفس کے بخل سے بچتا رہا سو ایسے ہی لوگ مراد پانے والے ہیں۔(16:64) قیامت کو ان کے اس مال کا طوق پہنایا جائے گا جس نے پیٹھ پھیری اور منہ موڑا اور جس نے مال جمع کر کے سینت سینت رکھا۔ (17,18,70) بیشک اللہ ان سے محبت نہیں کرتا خود بخل کرتے اور دوسروں کو بخل حکم دیتے ہیں اور اللہ نے ان کو اپنے فضل وکرم سے جو کچھ دے رکھا ہے اس کو چھپاتے ہیں اور ہم نے ناشکروں کیلئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔(37:4) اور اس کا مال کچھ کام نہ آئے گا جب وہ (دوزخ میں) اوندھا پڑا ہوگا۔(11:92)

لالچ:۔ خرابی ہے (اس کیلئے) جس نے مال جمع کیا اور گن گن رکھا۔ ان نعمتوں کی طرف مت لگاؤ۔(88:15) بہتات کی حرص نے تمہیں غافل کر دیا۔ یہاں تک کہ تم قبرستان میں جا پہنچے۔(1,2:102)

اسراف:۔ کھاؤ، پیو اور فضول خرچ نہ بنو کہ فضول خرچوں کو پسند نہیں کرتا۔(142:6, 31:,7) بیشک فضول خرچ شیطان کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔(27:17)

اعتدال کا راستہ: اور اپنا ہاتھ گردن سے بالکل باندھا ہوا نہ رکھ اور بالکل اسے کھول بھی نہ دے کہ بیٹھا پچھتایا کرے اور لوگوں کی ملامت سنے۔(19:17) اور وہ (رحمٰن کے بندے) جب خرچ کرتے ہیں تو نہ بے جا اڑاتے ہیں اور نہ تنگی کرتے ہیں اور ان کے درمیان معتدل گزارہ کرتے ہیں۔(67:25)

جھوٹ اور دغابازی

جھوٹوں کو ہدایت نہیں: بیشک اللہ کسی ایسے کو ہدایت نہیں کرتا جو جھوٹا (اور نہ) شکرا ہو۔(3:39)

خدا کی لعنت: پھر (مؤمن) خدا کے آگے آگے گڑگڑائیں اور جھوٹوں پر خدا کی لعنت کریں۔(61:3)

اللہ پر جھوٹ باندھنا: اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا اور اس کے احکام کو جھٹلایا۔ بیشک ظالم فلاح نہیں پائیں گے۔(21:6)

سو خرابی ہے ان کے جو اپنے ہاتھ سے کتاب لکھتے ہیں پھر کہتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے تاکہ اس کے بدلے تھوڑی قیمت مول لیں۔ سو خرابی ہے ان کی اس کے سبب جو ان کے ہاتھوں نے لکھا اور خرابی ہے ان کے سبب جو وہ کماتے ہیں۔(79:2)

www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
SadSad

Scanned by CamScanner

دغابازی: بیشک دغابازی خطاکار کو خدا پسند نہیں کرتا۔(107:4) اور یقیناً اللہ تعالیٰ کامیاب نہیں ہونے دیتا دغابازوں کی فریب کاری کو۔(52:12)

ناپ تول میں دھوکہ: بربادی ہے (ناپ تول میں) کمی کرنے والوں کیلئے۔ جب وہ لوگوں سے ناپ کر لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں اور جب لوگوں کو ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو (ان کو) نقصان پہنچاتے ہیں۔(1,2,3:83)

امانت کی خیانت: اے ایمان والو! نہ تو خدا اور رسول (ﷺ) کی امانت میں خیانت کرو اور نہ اپنی امانتوں میں خیانت کرو اور تم (ان باتوں کو) جانتے ہو۔(27:8)

بغض، حسد اور ضد

دلوں میں بغض: اور وہ (کافر) چاہتے ہیں کہ تم کو تکلیف پہنچے (بھوتو) ان کے حسد سے ظاہر ہو چکا ہے اور جو (بغض) ان کے دلوں میں چھپا ہے وہ کہیں زیادہ ہے۔(118:3)

حسد کی دشمنی: اور (اے خدا) حسد کرنے والے کی دشمنی سے جب وہ حسد کرے۔(5:113)

ضد تفرقے کا باعث: اور انہوں نے علم آنے کے بعد بھی ضد کی وجہ سے (آپس میں) تفرقہ ڈالا۔(19:45) اور (اہل کتاب) خدا کی نازل کی ہوئی چیز (قرآن) سے اس ضد میں منکر ہو گئے کہ خدا اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنا فضل نازل کرتا ہے۔(30:2)

تکبر، دکھاوا اور خودنمائی

آیات کو جھٹلانے والے: اور جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا اور ان سے تکبر کیا وہی دوزخ میں جائیں گے۔ وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔(36:7)

تکبر شیطانی فعل: تکبر (ابلیس نے تکبر کیا اور وہ منکروں میں تھا۔(74:2)

تکبر نہیں عبادت: وہ لوگ جو مقرب ہیں تیرے رب کے وہ اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے اور اس کی تسبیح کرتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔(206:7) (آیت سجدہ)

اترانا اور بڑا بننا: خدا اترانے والے اور بڑائی مارنے والے کو دوست نہیں رکھتا۔(36:4)

تحریر: محمد رضیق
0300/0345582/0302-7579090,0334-6226707

www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/ SaadSaad @

Scanned by CamScanner

خوشامد کے خواہش مند: وہ جو اپنے کئے پر خوش ہوتے ہیں (غرور کے ساتھ) اور وہ جو نہیں کیا اس پر (بھی) اپنی تعریف (خوشامد) چاہتے ہیں ان کو عذاب سے چھوٹا ہوا نہ جان اور ان کو دکھ دینے والا عذاب ہے۔ (188:3)

دکھاوے کی سخاوت: اور جو اپنے مال دکھاوے کیلئے دوسروں پر خرچ کرتا ہے اور وہ اللہ پر ایمان نہیں رکھتے اور نہ آخرت پر (وہ شیطان کے ساتھی ہیں) (38:4)

دکھاوے کی نماز: اور وہ (منافق) جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے ہیں تو سستی سے کھڑے ہوتے ہیں (وہ) لوگوں کو دکھاتے ہیں اور خدا کو یاد نہیں کرتے مگر بہت کم۔ (142:4)

خودنمائی منع: پس اپنی خودستائی نہ کیا کرو وہ خوب جانتا ہے کہ پرہیزگار کون ہے۔ (32:57)

ریاکار اور تنگ دل: اور خرابی ہے ان کیلئے جو ریاکار ہیں اور روزمرہ کے استعمال کی چیز (پڑوسی وغیرہ کو) مانگنے سے بھی نہیں دیتے۔ (7:107)

شیخی خور: جو چیز تم سے جاتی رہے اس پر رنج نہ کرو اور جو چیز تم کو عطا کرے اس پر اتراؤ نہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی اترانے والے اور شیخی خور کو پسند نہیں کرتا۔ (23:57)

صرف دنیا کی خواہش

دنیا کھیل تماشا نہیں: نہیں پیدا فرمایا ہم نے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے (محض) دل لگی کے واسطے (ہندوؤں کا عقیدہ غلط ثابت ہوتا کہ ہم (اس کائنات کو محض) کھیل تماشا بنائیں تو خود ہم خود ہی اسے ایسا بنا لیتے ہیں (ہمیں کون روک سکتا تھا) مگر ہم ایسا کرنے والے نہیں ہیں۔ بلکہ ہم تو حق سے باطل پر چوٹ لگاتے ہیں پس وہ اسے کچل دیتا ہے اور (پھر) یکا یک ناپیدا ہو جاتا ہے۔ (16,17,18,21)

صرف دنیا کی خواہش: اور جو شخص خواہش مند ہے (صرف) دنیا کی کھیتی کا تو ہم اسے دیں گے اس میں سے (لیکن یاد رکھو پھر) نہیں ہوگا اس کیلئے آخرت میں کوئی حصہ۔ (20:42) اور نہیں ملتا انسان کو مگر وہ کچھ جس کی وہ کوشش کرتا ہے (دنیا یا آخرت یا دونوں) (39:53)

یہ جائے امتحان ہے کھیل نہیں: اور ہر کام کیلئے ایک انجام ہے۔ (روز قیامت برائی کا بدلہ اور نیکی کا اجر ملے گا) (3:54) اور (بے شرموں کی طرح بے مہابہ) ہنس رہے ہو اور (تم) روتے نہیں۔ (60:53) اور تم نے اس زندگی کو کھیل تماشا بنا رکھا ہے۔ (61:53)

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks SaadSaadi@

Scanned by CamScanner

سفارش ورشوت

سفارش: جوکوئی بھلی بات میں سفارش کرے گا اس کو اس میں حصہ ملے اور جوکوئی بد بات میں سفارش کرے گا اس پر اس کا بوجھ ہوگا۔(85:4)

رشوت: اور اپنے مال حکام کی طرف نہ ڈالو تا کہ تم زیادتی کر کے لوگوں کے مال کا ایک حصہ کھاؤ۔(188:2) اللہ کے عہد کے بدلے حقیر قیمت نہ لو۔(95:16)

شراب جوابت پرستی سے بچو: مؤمنو! شراب جوابت اور فال کے تیر سب شیطان کے گندے کام ہیں تو تم ان سے بچو اور لوگوں کیلئے فائدہ بھی ہے۔ان میں لیکن دونوں کا گناہ ان کے نفع سے بہت بڑا ہے۔(219:2)

جادو اور نظر بد کا خوف مت کھاؤ

جادوگر کافر ہیں: اور وہ اس علم کے پیچھے لگے ہوئے ہیں جو سلیمان کی سلطنت میں شیاطین پڑھا کرتے تھے سلیمان تو کافر نہ تھے مگر شیاطین کافر تھے۔(وہ) لوگوں کو جادو سکھاتے تھے اور جو چیز شہر بابل میں دو فرشتوں پر اتری تھی وہ دونوں (یہ چیز تب تک) نہیں سکھاتے تھے جب تک ان سے یہ نہ کہہ لیتے تھے کہ ہم تو آزمائش ہیں پس کافر نہ بنو۔(102:2)

بغیر حکم خدا جادو نہیں چلتا: پھر وہ لوگ ان (فرشتوں) سے وہ (جادو) سیکھتے تھے جس کی مدد سے کسی مرد اور اس کی عورت میں جدائی ڈالیں مگر وہ اس جادو سے بغیر حکم خدا کسی کو ضرر نہیں پہنچا سکتے۔(102:2)

جادوگر فلاح نہیں پاتے: اور نہیں فلاح پاتے یہ جادوگر (77:10) جو انہوں نے کیا وہ تو جادو کا فریب ہے اور جہاں جادوگر آتا ہے ناکام و نامراد ہوتا ہے۔(69:20)

نظر بد کا خوف اور خدا پر بھروسہ

اور کہا یعقوب نے اے بیٹو! تم مصر میں سب ایک دروازے سے داخل مت ہونا اور متفرق دروازوں سے جانا (کہ کہیں تمہیں کسی کی نظر نہ لگ جائے) لیکن میں تمہیں خدا سے کسی بات میں بچا نہیں سکتا حکم اللہ ہی کا ہے۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور اہل توکل کو اسی پر بھروسہ کرنا چاہئے۔(67:12)

تحریر: محمد رفیق
0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
SaadSaad@

Scanned by CamScanner

عاشورہ کا دن اور رات

دس محرم الحرام کا دن بہت ہی زیادہ فضیلت و برکت والا دن ہے اور دس محرم الحرام یعنی عاشورہ کے دن کے ساتھ بہت سی باتیں مخصوص ہیں۔

1۔ اسی دن حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا اور اسی دن ان کی توبہ قبول ہوئی۔
2۔ اسی دن عرش، کرسی، آسمان، زمین، سورج اور چاند ستارے اور جنت پیدا کئے گئے۔
3۔ اسی دن حضرت ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے۔ اسی دن انہیں آگ سے نجات ملی۔
4۔ اسی دن حضرت موسیٰ علیہ السلام اور آپ کی اُمت کو نجات ملی اور فرعون اپنی قوم سمیت غرق ہوا۔
5۔ اسی دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا کئے گئے۔
6۔ اسی دن آسمانوں کی طرف اٹھایا گیا۔
7۔ اسی دن حضرت ادریس علیہ السلام کو مقام بلند کی طرف اٹھایا گیا۔
8۔ اسی دن حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کوہ جودی پر ٹھہری۔
9۔ اسی دن حضرت سلیمان علیہ السلام کو ملک عظیم عطا کیا گیا۔
10۔ اسی دن حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ سے نکالے گئے۔
11۔ اسی دن حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی لوٹائی گئی۔
12۔ اسی دن حضرت یوسف علیہ السلام گہرے کنویں سے نکالے گئے۔
13۔ اسی دن حضرت ایوب علیہ السلام کی تکلیف رفع کی گئی۔ آسمان سے زمین پر سب سے پہلی بارش اسی دن نازل ہوئی۔
14۔ اسی دن حضرت داؤد علیہ السلام کو تاج بخشا گیا۔
15۔ اسی دن حضرت داؤد علیہ السلام کو جن وانس پر حکومت عطا ہوئی۔

وسعت و برکت

عاشورہ کے دن کی فضیلت کے بارے میں ایک روایت یہ ہے کہ جس نے عاشورہ کے دن اپنے گھر والوں اور اہل وعیال پر وسعت کی تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے سارے سال وسعت اور برکت عطا فرماتا ہے۔ (بیہقی)

عاشورہ کے دن

جو کوئی عاشورہ کے دن چھ رکعت نفل اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورہ والشمس، سورہ والضحیٰ، سورہ اذا زلزلت، سورہ اخلاص اور معوذتین پڑھے۔ یہ نفل نماز اشراق کے وقت پڑھے اور پڑھنے کے بعد سجدہ

Scanned by CamScanner

میں جاکر سات مرتبہ سورہ کافرون پڑھے اور جو بھی اپنی جائز حاجت ہو اس کیلئے دعا مانگے پھر یہ دعا مانگے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ دَعَاكَ فَاَجَبْتَه، وَاٰمَنَ بِكَ فَھَدَیْتَه، وَرَغِبَ اِلَیْكَ فَاَعْطَیْتَه، وَتَوَكَّلَ عَلَیْكَ فَكَفَیْتَه، وَاقْتَرَبَ مِنْھُمْ فَاَدْنَیْتَه، اَللّٰھُمَّ امْدُدْ بِعَیْشِیْ فِی الْخَیْرَاتِ مَدًّا وَّاجْعَلْ لِیْ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ وُدًّا اَللّٰھُمَّ اَسْئَلُكَ الْاِیْمَانَ بِكَ وَاَسْئَلُكَ الْفَضْلَ مِنَ الرِّزْقِ وَاَسْئَلُكَ الْعَافِیَةَ مِنَ الْبَلَایَا وَاَسْئَلُكَ حُسْنَ الْعَافِیَةِ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

انشاء اللہ جو بھی حاجت ہوگی وہ ضرور پوری ہوگی۔

دو نفل

جو کوئی عاشورہ کے دن چاشت کے وقت دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ حشر کی آخری آیت لو انزلنا سے آخر سورۃ تک پڑھے پھر سلام پھیرنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر سلام پھیرنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر ایک مرتبہ یہ دعا نہایت توجہ و یکسوئی سے پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَآاَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ وَیَاٰخِرَ الْاٰخِرِیْنَ لَآاِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَ مَا خَلَقْتَ فِیْ مِثْلِ ھٰذَا الْیَوْمِ وَتَخْلُقُ اٰخَرَ مَا تَخْلُقُ فِیْ مِثْلِ ھٰذَا الْیَوْمِ اَعْطِنِیْ فِیْہِ خَیْرَ مَا اَوْلَیْتَ فِیْہِ اَنْبِیَآءَكَ وَاَوْلِیَآئَكَ وَاَصْفِیَآءَكَ مِنْ ثَوَابِ الْبَلَایَا وَاسْھِمْ لِیْ مِثْلَ مَا اَعْطَیْتَھُمْ فِیْہِ مِنَ الْكَرَامَةِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

بفضل باری تعالیٰ اس نفل نماز اور دعا کی برکت سے بے پناہ ثواب حاصل ہوگا۔

دعا و وظائف

جو کوئی عاشورہ کے دن نماز عصر کے بعد نہایت توجہ اور یکسوئی کے ساتھ ذیل میں دی ہوئی دعا پڑھ کر اپنی حاجت کیلئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو ان شاء اللہ اس کی دعا ضرور قبول ہوگی اور جلد ہی اس کی حاجت بھی پوری ہوگی۔ دعا یہ ہے۔

اِلٰھِیْ بِحُرْمَةِ الْحُسَیْنِ وَاَخِیْہِ وَاُمِّہٖ وَاَبِیْہِ وَجَدِّہٖ وَبَنِیْہِ فَرِّجْ عَمَّا اَنَا فِیْہِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

گناہوں کی معافی

جو کوئی عاشورہ کے دن باوضو حالت میں ستر مرتبہ یہ پڑھے۔

Saadaat Group © www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ تو اللہ تعالیٰ اسکے گناہوں کی معافی عطا فرمائے گا۔

برائی سے بچنے کی توفیق

جو کوئی عاشورہ کے دن باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ ذیل میں دیئے ہوئے کلمات اس طرح پڑھے کہ اول و آخر درود پاک پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کی بخشش ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس کو نیکی کے کاموں کے کرنے اور برائی سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے گا۔ کلمات یہ ہیں۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَکِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

جملہ آفات و بلیات سے بچاؤ

جو کوئی عاشورہ کے دن ذیل میں دی ہوئی دعا سات مرتبہ پڑھے گا تو بفضل باری تعالیٰ سارا سال جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا اور اس سال موت کا حملہ بھی اس پر نہ ہوگا اور جس سال اس کی موت ہوگی اس دعا کو پڑھنے کی توفیق نہ ہوگی۔ دعا یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ مَلَآ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَھٰی الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضٰی وَزِنَۃَ الْعَرْشِ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ کَلِمَاتِہِ التَّآمَّاتِ وَاَسْئَلُکَ السَّلَامَۃَ کُلَّھَا بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَحَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا

نفلی روزے

حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ چار چیزیں ہیں جنہیں حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہیں چھوڑتے تھے۔ عاشورہ کا روزہ، ذی الحجہ کے روزے (ایک سے نو تک) ہر مہینہ کے تین روزے اور دو رکعتیں فجر کی فرض (نماز) سے پہلے۔ (نسائی)

ایک اور حدیث پاک میں عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کے بارے میں اس طرح سے آتا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سوائے یوم عاشورہ کے روزہ کے کسی نفلی روزہ کا قصد کرتے نہیں دیکھا اور سوائے رمضان کے کسی پورے مہینے کے روزے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا۔ (بخاری شریف)

SaadSaad@www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

Scanned by CamScanner

عاشورہ کے دن روزے کے بارے میں ایک حدیث مبارکہ اس طرح سے ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مدینہ طیبہ تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہود کو عاشورہ کے دن کا روزہ رکھتے دیکھ کر پوچھا کہ تم اس دن روزہ کیوں رکھتے ہو؟ انہوں نے کہا یہ ایسا دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو فرعون اور اس کی قوم پر غلبہ عطا فرمایا تھا۔ لہٰذا ہم تعظیماً اس دن کا روزہ رکھتے ہیں۔ اس پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ہم موسیٰ علیہ السلام سے تمہاری نسبت زیادہ قریب ہیں۔ چنانچہ آپ نے بھی اسی دن روزہ رکھنے کا حکم دیا۔ (بخاری شریف)

عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کے ساتھ ایک اور یعنی نویں یا گیارہویں تاریخ کا روزہ بھی رکھنا بہت اچھا ہے۔ ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مدینہ طیبہ تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (عاشورہ کے) دن کی جستجو کی تاکید کی۔ تا آنکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخر عمر شریف میں فرمایا کہ اگر میں آئندہ سال تک حیات رہا تو آئندہ نویں اور دسویں محرم کا روزہ رکھوں گا۔ مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی سال وصال فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نویں اور دسویں اور گیارہویں محرم کے دنوں میں روزہ رکھنے کو پسند فرمایا۔ جیسا کہ ایک اور حدیث پاک میں آتا ہے کہ فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ اس دن سے ایک دن پہلے یا ایک دن بعد روزہ رکھو اور یہود کے طریقہ کی مخالفت کرو۔ کیونکہ وہ ایک دن ہی کا روزہ رکھتے تھے۔



Scanned by CamScanner

جادو، سحر، سایہ ٹونہ وغیرہ کیلئے

سورہ کہف کی آخری 9 آیات 7 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پھر اس پانی کو دیواروں پر چھڑکیں اور اس پانی کو روزانہ پئیں۔

ہر بیماری، بندش، جادو پریشانی اور رنج وغم کیلئے

سورہ فاتحہ، آیۃ الکرسی، سورۃ حشر کی آخری تین آیات، چاروں قل سات مرتبہ پڑھ کر چینی یا نمک پر دم کرلیں اور سارا سال استعمال کریں۔ اگر یہ درج بالا اعمال جمعۃ الوداع رمضان المبارک میں کرلئے جائیں تو یہ اور بھی تیر بہدف بن جائیں گے۔ یہ اعمال حضرت لاہوری رحمہ اللہ کے خلیفہ مجاز شیخ الحدیث دامت برکاتہم کے بیان کردہ ہیں۔

محترم رفیق صاحب السلام علیک، خیریت کا طالب بخیریت، پہلی مرتبہ مخمور جہاں کا جو اساتذہ کا اجتماع ہوا تھا اس کی وساطت سے آپ سے رسم وراہ محبت کا سلسلہ شروع ہوا۔ تسبیح خانہ کی حاضری وقتاً فوقتاً ہوتی رہتی ہے۔ درس بھی اہتمام سے سنتا ہوں اور دوستوں میں بانٹتا بھی ہوں۔ بے شمار فوائد اور سکون کی دولت میسر آگئی ہے۔ اللہ آپ کو عافیت اور صحت کے ساتھ لمبی عمر عطا فرمائے اور تسبیح خانہ کو قیامت تک کیلئے اقوام عالم کیلئے رشد وہدایت کا مرکز بنا کر قائم ودائم فرمائے۔ آمین۔ میرے پاس دو اعمال ہیں جو میں مخلوق خدا کیلئے مخمور جہاں کے ذریعے عام کرنا چاہتا ہوں۔

جادو سے آئی بیماری، مصیبت، پریشانی ایک گھنٹے میں ختم

مخمور جنتری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں آپ کے درس بھی سنتے ہیں اور کتب کا مطالعہ بھی جاری رہتا ہے۔ آپ کی ایک کتاب "جادو، جنات، اسلام اور جدید سائنس" سے ہم نے خوب فائدہ اٹھایا ہے۔ ہم پر کچھ مصائب مشکلات اور بیماری بوجہ جادو آئی تھی۔ جس کی وجہ سے ہم سب بہت پریشان تھے۔ آپ کی اسی کتاب کے صفحہ نمبر 234 پر ایک عمل دیا گیا ہے ہم نے وہ عمل صرف ایک نشست میں کیا۔ الحمدللہ ایک گھنٹے میں ہماری مصیبت، پریشانی اور بیماری ٹل گئی۔ وہ عمل یہ ہے۔ سورہ مزمل اکتالیس دفعہ ایک ہی نشست میں چند افراد مل کر پڑھیں اور اس کے بعد نماز حاجت پڑھ کر اللہ کے حضور دعا کریں۔ ان شاء اللہ درج بالا پریشانیوں سے نجات ملے گی۔

تحریر: محمد رفیق
0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

SaadSadiq@www.freeamliyatbooks.com
Scanned by CamScanner

انگوٹھی اور نگینے

اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں مختلف نگینوں مثلاً موتی، مرجان، یاقوت اور مونگے وغیرہ کا ذکر کیا ہے۔ بلاشبہ نگینوں کے خواص واثرات بھی ہیں۔ ہر پتھر کے الگ الگ خواص واثرات ہوتے ہیں۔ بعض پتھر کسی کو موافق آتے ہیں اور بعض ناموافق ہوتے ہیں۔ دنیا کی تاریخ شاہد ہے کہ بعض ایسے نگینے بھی تھے جن کے نحس اثرات کی وجہ سے حکمرانوں کو زوال آیا اور بعض ایسے نگینے بھی تھے جن کی وجہ سے غریب دولت مند ہو گئے۔ ان پتھروں کی کرشمہ سازیوں اور سحری خواص کو اکثریت نے تسلیم کیا ہے کوئی بھی نگینہ ہو۔ انگوٹھی میں لگوا کر پہنا جاتا ہے۔ اس طرح پہننے سے خوبصورت دکھائی دیتا ہے۔ انگوٹھی پہننے کا ذکر بہت سی احادیث مبارکہ میں آیا ہے احادیث مبارکہ کے مطالعہ سے بخوبی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس طرح کی انگوٹھی پہننے کی اجازت مرحمت فرمائی ہے اور کیسی انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے۔ چنانچہ اسی حوالے میں چند احادیث مبارکہ بیان کی جاتی ہیں۔

چاندی کی انگوٹھی

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور اس کا نگینہ بھی تھا۔ (بخاری)

انگشت شہادت میں انگوٹھی پہننا منع ہے

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس میں یا اس میں یعنی بیچ والی میں یا انگشت شہادت میں انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا۔ (صحیح مسلم)

سونے کی انگوٹھی پہننے کی ممانعت

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے مروی ہے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دائیں دست مبارک میں ریشم لیا اور بائیں دست مبارک میں سونا پھر فرمایا کہ یہ دونوں چیزیں میری امت کے مردوں پر حرام ہیں۔ (ابوداؤد نسائی)

ایک اور حدیث پاک جو کہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قسی (ایک طرح کا ریشمی کپڑا) اور کسم کے رنگے ہوئے کپڑے اور سونے کی انگوٹھی پہننے سے اور رکوع میں قرآن حکیم پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ (صحیح مسلم)

علامہ نووی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ عورتوں کیلئے سونے کی انگوٹھی پہننا جائز ہے اور مردوں کیلئے حرام ہے۔ (شرح مسلم جلد ثانی)

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/ Saadsaad@

Scanned by CamScanner

جہنم کا انگارہ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی تو اسے اتار کر پھینک دیا اور فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص جہنم کے انگارے کا ارادہ کرتا ہے یہاں تک کہ اس کو اپنے ہاتھ میں لے لیتا ہے۔ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لے گئے تو کسی نے اس شخص سے کہا کہ اپنی انگوٹھی اٹھالو کسی اور کام میں لانا۔ انہوں نے کہا اللہ کی قسم! میں اسے کبھی نہیں لوں گا جبکہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھینک دی ہے۔ (مسلم شریف)

دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا

حضرت عبداللہ بن جعفر اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرکار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔ (ابن ماجہ ابوداؤد نسائی)

لوہے اور پیتل کی انگوٹھی پہننے کی ممانعت

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص سے فرمایا جو پیتل کی انگوٹھی پہنے ہوئے تھا کہ کیا بات ہے تجھ سے بتوں کی بو آتی ہے۔ انہوں نے وہ انگوٹھی پھینک دی پھر لوہے کی انگوٹھی پہن کر آئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کی بات ہے میں دیکھتا ہوں تم دوزخیوں کا زیور پہنے ہوئے ہو؟ اس شخص نے وہ انگوٹھی بھی پھینک دی۔ پھر عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کس چیز کی انگوٹھی بنواؤں؟ پھر ارشاد فرمایا چاندی کی بناؤ اور ایک مثقال پورا نہ کرو یعنی وزن میں پورا ساڑھے چار ماشہ نہ ہو بلکہ کچھ کم ہو۔ (ترمذی شریف)

معلوم ہوا کہ انگوٹھی صرف چاندی کی ہی پہنی جاسکتی ہے دوسری دھات کی انگوٹھی پہننا حرام ہے۔ مثلاً لوہا، پیتل، تانبہ، جست وغیرہ ان دھاتوں کی انگوٹھیاں مرد و عورت دونوں کیلئے ناجائز ہیں صرف فرق اتنا ہے کہ عورت سونا بھی پہن سکتی ہے جبکہ مرد نہیں پہن سکتا۔ (بہار شریعت)

پیغمبروں کی سنت

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا پیغمبروں کی سنت ہے۔

عقیق کی انگوٹھی

ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ جو شخص عقیق کی انگوٹھی پہنے گا اس کی حاجات پوری ہوں گی۔

Saad Saad @ www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

ظالم کے شر سے حفاظت کیلئے

ایک مرتبہ ایک شخص حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ مجھے کسی ظالم کا خوف ہے اور ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے ہلاک نہ کردے۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ نہ نے فرمایا کہ جاؤ ایک انگوٹھی اس طرح سے تیار کروا کر لاؤ کہ انگوٹھی پر پہلی سطر میں اَعُوْذُ بِاللّٰہِ دوسری سطر میں اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ تیسری سطر میں واثق باللہ ورسولہ چوتھی سطر میں اشھد ان لا الہ الا اللہ کندہ ہو۔ وہ شخص انگوٹھی بنوا کر لایا تو اس سے فرمایا کہ اس انگوٹھی کو پہن لو۔ ان شاء اللہ ہر ظالم کے ظلم سے محفوظ رہو گے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے فیروزہ پر "اللہ الملک الحق" کندہ کرا کر ایک انگوٹھی بنوائی تھی اور یہ انگوٹھی آپ کے پاس اخیر عمر تک رہی۔

درنجف کی انگوٹھی

حضرت علی رضی اللہ عنہ "درنجف" کی انگوٹھی بھی پہنا کرتے تھے سفید، بلوری اور چمکدار قسم کا یہ پتھر آج بھی نجف اشرف ایران میں دستیاب ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ انگوٹھی سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی انگلی میں بھی دیکھی گئی۔

سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی

سیدہ فاطمہ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی مستقلاً چاندی کی انگوٹھی پہنا کرتی تھیں اور آپ کی انگوٹھی پر "امن المتوکلون" کندہ تھا۔

امام حسن رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی پر "حسبی اللہ" کندہ تھا۔

امام حسین رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس دو انگوٹھیاں تھیں۔ ایک انگوٹھی پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کندہ تھا اور دوسری انگوٹھی پر "ان اللہ بالغ امرہ" کندہ تھا۔

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی

حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی پر "الحمد للہ العلی" کندہ تھا۔

Saad Saad @ www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

Scanned by CamScanner

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی پر یہ کندہ تھا۔

اللہ خالق کل شیء

مروی ہے کہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے پاس ایک انگوٹھی اور بھی تھی جس پر "العزۃ للہ" کندہ تھا۔

امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی

حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کے پاس ایک انگوٹھی تھی جو خاندانی انگوٹھی کہلاتی تھی اور یہ خاندان کے تقریباً تمام افراد ہی استعمال کرتے تھے۔اس پر یہ کندہ تھا۔ماشآء اللہ لا قوۃ الا باللہ

شاہ جی کمپوزنگ سنٹر اینڈ فوٹو سٹیٹ

ڈیزائننگ	پرنٹنگ	سکیننگ	اردو انگلش کمپوزنگ	لیزر پرنٹ فوٹو سٹیٹ
لیٹر پیڈ	پی وی سی کارڈ	پینا فلیکس	پاسپورٹ سائز تصویر	کلر پرنٹنگ
PPSC	NTS™	آن لائن جاب کی سہولت	کسی بھی قسم کا میگزین، کتابیں اور دیگر پرنٹنگ کیلئے رابطہ کریں۔	

محمد شاہ زمان صابری (برائے مہربانی) 0300-7326705 0312-7326705

مین سٹریٹ جان محمد کالونی معصوم شاہ روڈ ملتان


تحریر: محمد رفیق

0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

Scanned by CamScanner

ہیپاٹائٹس کا علاج

ہیپاٹائٹس کے شافی اور جلد علاج کیلئے ذیل میں دیا ہوا سورہ اعراف کا نقش پاک تین عدد باوضو حالت میں لکھے۔ایک نقش پاک مریض کے بازو پر باندھے دوسرا نقش پانی والی بوتل میں ڈالے اور مریض روزانہ نہار منہ پانی پی لیا کرے۔تیسرا نقش پاک سرسوں کے تیل میں ڈال کر مریض کے جسم پر مالش کی جائے۔ان شاءاللہ۔دن بدن افاقہ ہوگا اور شفا حاصل ہوگی۔نہایت مجرب وآزمودہ نقش ہے



نظر کی کمزوری کا شافی علاج

نظر کی کمزوری دور کرنے کیلئے ذیل میں دیا ہوا نقش بہت مفید اور مجرب ہے۔اس مقصد کیلئے دو نقش بہت مفید اور مجرب ہے۔اس مقصد کیلئے دو نقش عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر ایک گلے میں پہنے جبکہ ایک نقش عرق گلاب میں گھول کر صبح وشام آنکھوں میں لگائے۔ان شاءاللہ بینائی میں خوب اضافہ ہوگا۔نقش یہ ہے۔

نورٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نورٌ

فَكَشَفْنَا	عَنْكَ غِطَاءَكَ	فَبَصَرُكَ	اَلْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝
۳۹۳	۱۱۲	۵۳۲	۱۱۶۹
۱۱۱	۳۹۰	۱۱۷۲	۵۳۳
۱۱۷۱	۵۳۴	۱۱۰	شَافِیْ

اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَاجْعَلْهُ
الْوَارِثَ مِنِّیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ ۝

www.naqshbook.com/groups/freeamliyaatbooks SaadSaad@

Scanned by CamScanner

کمر درد سے نجات

کمر درد کی شکایت ہونے کی صورت میں منگل یا اتوار کے دن نماز فجر کے بعد ذیل میں دیا ہوا نقش لکھ کر سوت کچے دھاگوں میں لپیٹ کر کمر میں باندھے۔ان شاءاللہ شفا حاصل ہوگی۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

ناف درد سے نجات

ناف کی درد اگر بہت شدید ہو آرام نہ آتا ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش باوضو حالت میں لکھ کر ناف کے تھوڑا سا اوپر باندھے۔ ان شاءاللہ آرام آجائے گا۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶

واللہ	غالب	علیٰ	امرہ
غالب	علیٰ	امرہ	ولکن
علیٰ	امرہ	ولکن	لا
امرہ	ولکن	لا	یبصرون

مثانہ کی پتھری کا علاج

اگر کسی کے مثانہ میں پتھری ہو اور پیشاب کے وقت شدید دقت محسوس ہوتی ہو تو اس ضمن میں حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رات کو سونے سے قبل تین مرتبہ یہ پڑھے اور صبح جب بیدار ہو تو ایک مرتبہ پڑھے۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰہَ لَہٗ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا لَکُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ


تحریر: محمد رفیق
0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

Sad Sad@www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

کبھی محتاج نہ ہو

ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک چشم خلائق میں معزز و مقبول ہونے اور محتاجی کو دور کرنے کیلئے بہت ہی خوب ہے۔ حضرت شیخ بہاء الدین زکریا رحمہ اللہ سے منقول ہے کہ اگر کوئی اس کو ایک مرتبہ (یقین کامل، توجہ اور یکسوئی سے) دیکھے تو ان شاء اللہ جہنم کی آگ سے محفوظ رہے گا اگر روزانہ دیکھنے کا معمول بنالے گا تو کبھی محتاج نہ ہوگا۔ اگر چاند کے مہینہ کے شروع میں خصوصی طور پر دیکھے گا تو چشم خلائق میں معزز و مقبول ہوگا۔ نقش مبارک یہ ہے



فالج ولقوہ کیلئے

حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فالج ولقوہ کیلئے سورہ فاتحہ و معوذتین مشک و زعفران سے لکھے اور پھر ان کے نیچے یہ لکھے۔

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ وَبِقُدْرَةِ الَّتِيْ لَا يَمْنَعُ مِنْهُ شَيْءٌ مِّنْ شَرِّ هٰذَا الْوَجْعِ وَمِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَمِنْ شَرِّ مَا اَحْذَرُ مِنْهُ

آب باراں سے دھو کر صبح سویرے اور رات کو سونے سے قبل پی لیا کرے ان شاء اللہ شفا حاصل ہوگی۔

احتلام نہ ہو

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو کوئی اس بات سے ڈرتا ہو کہ احتلام نہ ہو جائے تو وہ رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں بستر پر لیٹ کر یہ پڑھ لیا کرے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْاِحْتِلَامِ وَمِنْ سُوْءِ الْاِحْتِلَامِ وَمِنْ اَنْ يَّتَلَاعَبَ لِيَ الشَّيْطٰنُ فِي الْيَقْظَةِ وَالْمَنَامِ

ان شاء اللہ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

SadSaadi@www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

Scanned by CamScanner

رگ پھٹنے کا علاج

کسی وجہ سے جسم پر شدید چوٹ لگنے کی وجہ سے کوئی رگ پھٹ جائے اور اس سے خون بہنا شروع ہو جائے اور بہت زیادہ تکلیف محسوس ہوتی ہو تو فوری طور پر وضو کر کے سفید پلیٹ جو کہ چینی کی ہو۔ اس پر عرق گلاب اور زعفران سے یہ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمَاتِ رَبِّیْ

لکھنے کے بعد پانی سے دھو کر مریض کو بار بار پلائے اگر بے ہوش ہو گیا ہو تو اس صورت میں چمچ کے ساتھ پانی حلق میں ٹپکایا جائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ جگر کے تمام امراض میں بھی مفید ہے۔

جادو کا خاتمہ قرآن پاک کے کلام سے

آج کل کے دور میں ہر انسان اس چکر میں رہ رہا ہے مجھ پر کسی نے جادو ٹونہ کیا ہوا ہے۔ میرا کاروبار بند ہے اور ہر انسان کسی نہ کسی پریشانی میں مبتلا ہے۔ ہر عامل اگر کسی بھی سورۃ یا آیت کیا عامل ہو تو ایک سیکنڈ کے اندر کالے علم کی کاٹ کر سکتا ہے جبکہ اب موجودہ دور میں کوئی شے کا عامل نہیں۔ شعبدہ بازی ہے جو جتنی چاہے اتنی دیکھ لو آخر میں یہ کہا جاتا ہے کہ کالے جادو کا توڑ کالے جادو کے ذریعے ہی ختم ہو سکتا ہے جو کہ جھوٹ پر مبنی ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں واضح طور پر فرما رہا ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی کئی آیات ہیں جن سے جادو کو توڑا جا سکتا ہے۔ بند کاروبار کو پھر سے جاری کیا جا سکتا ہے جس کی اولاد باندھ دی جاتی ہے جس کی نکاح بندی کی ہوتی ہے۔ ان کی شادی ہو سکتی ہے۔ اجڑے ہوئے گھر دوبارہ بس جاتے ہیں اور اسی کلام کو پڑھنے سے کئی ایسے فوائد حاصل ہوتے ہیں جن کا احاطہ کرنا مشکل بلکہ ناممکن ہے لیکن بات اصولی طریقے اور سچی لگن کی ہے۔ تاکہ اس کلام کو پڑھنے کی بجائے سمجھا جائے اور اس کے ذریعے سے حاصل ہونے والے فوائد کو حاصل کیا جا سکے۔ اس میں تھوڑی بہت محنت درکار ہوتی ہے لیکن مقصد ضرور حل ہو جاتا ہے۔ میں اس بات کا دعویٰ کرتا ہوں کہ جو کوئی بھی آدمی صرف سوا لاکھ مرتبہ ”ونزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ المومنین“ پڑھ کر جس کسی کو بھی دم کرے گا۔ وہ اللہ کے حکم سے فوراً ٹھیک ہو گا بڑے سے بڑا کالا جادو اس آیت کے آگے کوئی معنی نہیں رکھتا لیکن محنت کوئی نہیں کرتا اور خواہ مخواہ لوگ کلام یا عمل کو بیکار کہہ کر بند کر دیتے ہیں

تحریر: محمد رفیق
0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

Scanned by CamScanner

اور عمل کو کامیاب نہیں جس کی وجہ سے بھٹکے پھرتے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مقام علوی کو مقام سفلی کا سردار بنایا ہے۔ اس لئے محنت کرنے سے جو کچھ بھی حاصل ہوگا اس کے فوائد بے شمار ہوں گے اور ثواب و نیکیاں ملنے کے ساتھ کام بھی اپنا ہی ہوگا۔ اس لئے کلام اللہ کو ہر کلام پر برتری حاصل ہے۔ اس کا زیادہ ورد کرنا چاہئے ایسا بالکل نہیں کہنا چاہئے کہ جادو کا توڑ جادو ہی ہوگا بلکہ اور ہر قسم کی عزیمت و جنتر منتر کا توڑ قرآن مجید کے اندر ہے جس کا تفصیل کے ساتھ ذکر ہے۔ میرے ذاتی عمل کے مطابق قرآن مجید میں سات سلام ہیں اگر کوئی روزانہ سات سلاموں کو ہر فرض نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے۔ سات روز کے بعد اس پر کسی قسم کے جادو ٹونے کے اثرات نہیں ہوں گے۔ ان سات سلاموں کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھ لے اس کا عامل بن جائے گا۔ اس کے بعد ان سات سلاموں کو زعفران کے ساتھ لکھ کر کسی کو نقش وغیرہ اس کے نام کے اعداد جمع کر کے اس کو دے ساری زندگی اس پر کسی جادو ٹونہ کا اثر نہ ہوگا۔ جو لوگ نام نہاد عاملوں کے پاس ہزاروں روپے خرچ کر کے بھی جادو وغیرہ کے اثرات میں مبتلا ہیں اور شفا جیسی نعمت محروم ہیں ان کو میری طرف سے اجازت ہے کہ وہ اس عمل کو خود آزما کر دیکھ لیں۔ اللہ کے حکم سے ضرور بر ضرور شفا حاصل ہوگی۔ ان شاء اللہ۔


پروفیسر اجمل چشتی


سرور سلطان چشتی

1. سلام علی نوح فی العالمین
2. سلام علی موسیٰ و ھارون
3. سلام علی آل یاسین
4. سلام قولا من رب الرحیم
5. سلام علی من التبع الھدیٰ
6. سلام علیکم طبتم فادخلوھا خلدین
7. سلام ھی حتی مطلع الفجر

اس عمل کے بہت سے فوائد ہیں۔ اس سے کسی بھی نوعیت کے جادو کو باطل کیا جا سکتا ہے۔ بندش کو توڑا جا سکتا ہے جن بچوں کی شادیاں نہیں ہو رہی یا بندش ہے۔ وہ بھی اس عمل سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اگر آپ اس عمل کا نقش بنانا چاہتے ہیں تو آپ اپنا نام والدہ کا نام لکھ کر فی سبیل اللہ ہم سے حاصل کر سکتے ہیں جس کا کوئی ہدیہ نہیں۔ آپ صرف جوابی لفافہ ارسال کریں۔ آئندہ شمارہ میں دنیاوی حالات کے متعلق آگاہ کیا جائے گا۔ مزید رہنمائی کیلئے آپ کسی بھی وقت رابطہ کر سکتے ہیں۔

تحریر: محمد رفیق

0300-3995582,0302-7579090,0334-6226767

Saddaqat Jariyah Book
www.facebook.com/groups/freeamliyatbook/

Scanned by CamScanner



اسم اعظم یا اللہ

محترم قارئین ماہنامہ (مخمور جنتری)

اسم (یا اللہ) اسم اعظم ہے جو فقط ذات باری کا نام ہے اور باقی قلب اسماء اسم اعظم یا اللہ کی صفات ہیں اور یہ اسم ذات ہے یہ کسی کی صفت نہیں ہوسکتا۔ یا اللہ یہ رحمتوں بخششوں عطاؤں کے نہ ختم ہونے والی ذات کا نام ہے۔ اس اسم اعظم میں دونوں جہانوں کے خزانے پوشیدہ ہیں عزیز خلائق حصول دولت عظمت و برتری حاصل کرنے خلقت میں معزز و محترم ہونے کے واسطے بلکہ ہر مصیبت و غم میں ورد یا اللہ سے نزول رحمت ہوتی ہے جس کے سامنے سب مقاصد بے جان ہیں اور اسم اعظم کے ذکر پر اللہ رب العزت کی طرف سے ایسی رحمت کا نزول ہوتا ہے کہ وہ آدمی دنیا و مافیہا سے مستغنی ہوجاتا ہے اور خدا تعالیٰ اسے اولیا اللہ کی صف میں داخل فرمادیتے ہیں۔ اس کے اوصاف و برکات کو بیان کرنا انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔ کیونکہ یہ (لم یزل لا یزال) ذات کا نام ہے۔ چند خواص حاضر خدمت ہیں۔

1۔ جو دوست صاحب کشف صاحب ارادت مخفی مخلوق کی ملاقات کا ذوق رکھتا ہو اسے چاہئے کہ نماز تہجد کی پابندی کو لازم قرار دے۔ اسم اعظم (اللہ) کو (۴۳۵۶) بار آنکھیں بند کرکے ورد کرے (۴۱) یوم تک کیونکہ (تہجد) کا وقت نیند سے بیدار ہونے کا وقت ہے اور اس وقت خاص نزول رحمت کا وقت بھی ہے۔ خدا کی قسم ایک دفعہ آپ کی زبان کو اس کا چسکا لگ گیا تو دنیا کے تمام مصائب، غم اور پریشانیاں آپ کی جان اور گھر بار سے دور ہوجائینگی۔

2۔ امراض قلب۔ جو شخص امراض قلب میں پریشان ہو خواہ وہ امراض روحانی ہوں یا امراض جسمانی ہوں امراض روحانی سے مراد کہ عبادت میں دل نہ لگنا ہو نماز کو جی نہ چاہتا ہو۔ قرآن پاک کی تلاوت سے جی کتراتا ہو۔ امراض جسمانی سے مراد جس کی نشاندہی ڈاکٹر حضرات کریں جیسے دل کا بے وقت گھبرانا یا تکلیف رہنا یا دل کا وال بند ہونا وغیرہ تو اسم اعظم اللہ کو ایک کاغذ پر لکھ کر گوشہ تنہائی میں اس پر نظر ڈالے اور تصور کرے کہ یہی اسم دل پر بھی لکھا ہوا ہے اور اس تصور کو پورے انہماک کے ساتھ پانچ منٹ تک قائم رکھے تو ان شاء اللہ العزیز یقیناً وہ دوست چند یوم کے بعد شفایاب ہوچکا ہوگا۔ 3۔ نقش برائے اولاد ترینہ۔ اگر کسی محترمہ کو حمل نہ رہتا ہو یا ضائع ہوجاتا ہو تو اس نقش مکرم کو لکھ کر کمر پر باندھیں ان شاء اللہ العزیز خدا آپ کا دامن ضرور بھرے گا۔

۷۸۶

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم
یامطیع	یامطیع	یامطیع	یامطیع	یامطیع
یارحیم	یارحیم	یارحیم	یارحیم	یارحیم
یارحمن	یارحمن	یارحمن	یارحمن	یارحمن

Sadiqabad@www.qadeerbooks.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner

4۔ برائے شفائے امراض۔ شفائے امراض کے واسطے اسم اعظم کا یہ نقش بنا کر گلے میں مریض پہن لے اور ایک عدد زعفران عرق گلاب سے لکھ کر 9 دن تک مریض کو پلائیں ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ
یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ
یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ
یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ

اللہ یشف عبدہ بلطفبہ بحق یاشافی یا ارحم الرحمین 5۔ الفت برائے میاں بیوی۔ اس نقش معظم کو ساعت سعید میں لکھ کر اگر عورت ناراض ہو تو مرد یہ عمل لکھے اگر مرد ناراض ہو تو عورت لکھ کر پلائے ان شاء اللہ العزیز فی الفور محبت میں گرفتار ہو جائے گی۔

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا کریم یا ارحم الرحمین

۱۱۶	۱۲۹	۱۲۶	۱۲۳
۱۲۷	۱۲۲	۱۱۷	۱۲۸
۱۳۱	۱۳۴	۱۳۱	۱۱۸
۱۳۰	۱۱۹	۱۲۰	۱۲۵

ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الخرۃ حسنۃ یا مریم الاحسان آخر میں میرے استاد محترم شعیب الرحمن شاہ صاحب کاکاخیل ایبٹ آباد اور معروف بزرگ شخصیت قبلہ سرور سلطان چشتی صاحب کیلئے دعائے خیر کریں۔

پرائز بانڈ کے لکی نمبر

علم الاعداد ایک ایسا علم ہے جسے قرآن پاک میں اللہ رب العزت نے سورہ جن آیت واحصی کل شی عددا

ترجمہ: میں نے ہر چیز کو عدد میں شمار کیا ہوا ہے۔ زمانہ قدیم میں انسان نے علم الاعداد میں ریسرچ کی ہے۔ جس میں عبرانی، یونانی اور مصری قوموں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ بندہ ناچیز نے زیادہ تر انحصار علم الاعداد پر کیا جس میں بندہ نے قرآن پاک شروع سے علم الاعداد نکال کر لوگوں کو فیض کیلئے اس کی آیات پڑھنے کیلئے دیں جس سے فوراً مسئلہ مکمل ہوا اور انہوں نے دنیا کی دولت میں بھی کامیابی حاصل کی کیونکہ اللہ ہی رحمت کرنیوالا ہے اس کے سوا کوئی ذات نہیں وہ وحدہ لاشریک ہے۔ عمل سے زندگی بنتی ہے۔ آپ علم کے ساتھ عمل بھی کریں اور اللہ کی رحمت سے مالا مال ہو جائیں ہر دفعہ ہر انسان جو نمبر کھیلتا ہے وہ یہ کہے گا کہ میرا ایک نمبر سے ہر رہ گیا ہے۔ میرے علم کے مطابق آپ اپنے نام کے عدد کے مطابق اسم اعظم بندہ ناچیز سے فی سبیل اللہ حاصل کریں اور اس کے بعد نمبر کی ریسرچ میں جو آپ کو نمبر ملے اس کے اصل پرائز بانڈ حاصل کر کے دعا کریں اور اللہ کی رحمت سے مالا مال ہو جائیں۔

Scanned by CamScanner

توبہ کا وقت کب ختم ہوگا

1۔ حضرات ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ثمہ یتوبون من قریب کی تفسیر میں مروی ہے کہ اس میں توبہ کا جو آخری وقت بیان کیا گیا ہے وہ ملک الموت کو دیکھنے سے پہلے کا وقت مراد ہے۔ (ابن ابی حاتم)

2۔ حضرت بکر بن عبداللہ مزنیؒ سے مروی ہے کہ توبہ کا وقت بہت دراز ہوتا ہے لیکن جب موت کے فرشتے نظر آنے لگتے ہیں تو توبہ کا وقت ختم ہو جاتا ہے اور بندہ بھی دنیا سے بے خبر ہو جاتا ہے۔ (ابن ابی الدنیا)

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے یہ واقعہ مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان فرمایا۔ بنی اسرائیل میں ایک بڑا گناہ گار شخص تھا اس نے ستانوے انسانوں کو قتل کیا تھا۔ جب اس کو اپنی غلطی کا احساس ہوا تو ایک راہب کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ اے راہب میں نے کوئی برائی نہیں چھوڑی ہے یہاں تک کہ میں نے ستانوے انسانوں کو ناحق قتل کیا ہے۔ کیا میرے لئے توبہ کی کوئی راہ نکل سکتی ہے اور توبہ قبول ہو سکتی ہے؟ راہب نے کہا اب تیرے لیے معافی کی کوئی صورت نہیں ہے۔ یہ سن کر وہ شخص بڑا مایوس ہوا اور اس راہب کو بھی قتل کر کے چلا گیا۔ جاتے جاتے ایک دوسرے راہب کے پاس پہنچا اور اپنی سابقہ تمام برائیوں کو ذکر کر کے توبہ کی صورت دریافت کی۔ دوسرے راہب کو بھی قتل کر دیا اور آگے بڑھا۔ ایک تیسرے راہب کے پاس گیا اور اس نے بھی اسی طرح اپنے گناہوں کا ذکر کیا اور توبہ کی راہ دریافت کی۔ تیسرے راہب نے بھی اس کو یہی جواب دیا۔ اب اس قاتل کے مقتولین کی تعداد ایک سو ہو گئی۔ اس کے بعد ایک چوتھے راہب کے پاس آیا اور اس سے اپنے جرائم کا ذکر کر کے توبہ کی صورت دریافت کی۔ اس راہب نے کہا کہ اگر میں یہ جواب دوں کہ جو شخص اللہ کی طرف رجوع ہوتا ہے۔ اللہ اس کی طرف رجوع نہیں ہوتا تو یہ جھوٹ ہوگا۔ اس لئے میں تجھ سے کہتا ہوں کہ تو اب توبہ کر اور پھر اپنے اعمال درست کرنے کیلئے فلاں مقام کے دیر میں جا کر وہاں کے عابدوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت کی۔ راہب کی یہ بات سن کر اس کو امید بندھی اور اس نے توبہ کر کے اس دیر کی راہ لی۔ جب وہ درمیانی راستہ تک پہنچا تو اللہ نے اپنے فرشتہ کو حکم دیا اور اس کی روح راستہ میں ہی قبض کر لی گئی۔ اس کے مرتے ہی عذاب و رحمت کے فرشتے اس کو اٹھانے کیلئے جھگڑنے لگے۔ اچانک ایک فرشتہ آیا اور اس نے فیصلہ کیا کہ یہ شخص جہاں سے چلا تھا اور جس گاؤں کی طرف جا رہا تھا ان دونوں گاؤں کا فاصلہ ناپو۔ اگر یہ تو ابین کے گاؤں سے زیادہ قریب ہو تو اس کو نیکیوں میں شمار کرو۔ ورنہ گناہ گاروں میں۔ چنانچہ جب فاصلہ کی پیمائش ہوئی تو ایک بالشت تو ابین کے گاؤں سے زیادہ قریب تھا۔ اس لئے اس کو بخش دیا گیا اور رحمت کے فرشتوں نے اس کو اٹھا لیا۔ (دعا گو طارق حسن)

Scanned by CamScanner

ناجائز دوستی اور محبت چھڑانے کا تجربہ شدہ عمل	16	برائے محبت زن شوہر	223
دشمن کو دوست بنانے کا عمل	17	بچے کے ڈرنے اور رونے کیلئے	154
نقش بچوں کی پسلی کیلئے	159	عمل برائے ہر بیماری کا علاج	322
دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کا مجرب نقش	158	بچے نہ ہونے کے اسباب علاج	151
جب کسی سے شادی نہ ہو تو	302	برائے جریان اور احتلام	114
ترقی دکان کیلئے	62	نامردی کا علاج	129
عورتوں کی جملہ بیماروں کیلئے	590	کنواری کی شادی جلد ہو جائے	114
حفاظت حمل کیلئے		فرض کی ادائیگی کیلئے	184
ہر بلا مصیبت سے دور رہنے کی دعا	98	کاروبار خوب چلے	184
مصیبت سے بچنے کیلئے	52	کالا جادو اثر نہ کرے	171
		گرفتاری سے بچنے کیلئے	150
خود عاشق ہو کر حاضر ہو جائے	82	کمر درد کا علاج	156
فرار شدہ عورت واپس لانے کا عمل	82	موت کے دل کا راز معلوم کرنے کا عمل	171
		عشق محبت کی شادی کرنا	

SadSaad@www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner



Saad Sajid @ www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

Scanned by CamScanner